إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ

مِشکوٰۃُ الصلوٰت

مؤلفہ

اَلحاج محمد الیاس البرنی الچشتی القادری النقشبندی الفاروقی ام اے ایل ایل بی (علیگ)

مترجمہ

الخادم الحاج محمد عبد الحلیم الچشتی القادری النقشبندی الیاسی ام اے ڈپ ایڈ (عثمانیہ)

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (۳۳/۵۶)

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ

مِشْكٰوةُ الصَّلَوٰت

مؤلفہ

الحاج محمد الیاس البرنی الچشتی القادری النقشبندی الفاروقی

ایم۔ اے، ایل ایل، بی۔ (علیگ)

مترجمہ

الخادم الحاج محمد عبد الحلیم الچشتی القادری النقشبندی الیاسی

ایم۔ اے، ڈپ۔ ایڈ۔ (عثمانیہ)

بار دوم ماہ محرم سنہ ۱۳۹۵ھ
فروری سنہ ۱۹۷۵ء

تعداد اشاعت ... ایک ہزار

مطبوعہ

سلطان آرٹ پریس
محمد بن قاسم روڈ کراچی
فون ۲۱۴۷۶۵

فہرست مضامین

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

گزارش

دین اسلام کی بڑی نعمت توحید ہے، اور توحید کی کنجی رسالت ہے۔
اور رسالت کا سرتاج کون ہے؟ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ، رَحْمَۃٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ
رَسُوْلٌ کَرِیْمٌ۔ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ، مُحَمَّدِ مُصْطَفٰیؐ
اَحْمَدِ مُجْتَبٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حضرت کی اتباع اور تعظیم و محبت، بس
یہی رسائی اور رسائی کے ذریعے ہیں تعظیم و محبت کے بغیر اتباع رسم ہی رسم ہے
اور اتباع کے بغیر تعظیم و محبت سراسر نامکمل بلکہ ناقص۔ لیکن یہ بخوبی روشن ہے
کہ محبت ہی اصل محرک ہے، تعظیم محبت کی مصلح ہے اور اتباع دونو کا ما حصل۔
پس لازم ہے کہ ہر مسلمان کا دل رسول کریم علی اللہ علیہ وسلم کی محبت و عظمت
سے سرشار رہے۔ اس سے اتباع خود بخود مطلوب و محبوب ہو جائیگی پھر اعلیٰ
سے اعلیٰ نعمت ہاتھ آجائیگی۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ۔
ربط نبوی قائم کرنے کا سب سے محکم اور مقبول طریقہ صلوٰۃ وسلام اور
نعت کا شغل ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہ تحفہ محمدیؐ کے نام سے اُردو فارسی کی سلیس
پُراثر اور مقبول نعتوں کا ایک جامع انتخاب چار جلدوں میں شائع
ہو چکا ہے جو مقبول خاص و عام ہو کر ہاتھوں ہاتھ جا رہا ہے۔ دلوں میں جگہ
پا رہا ہے سوتوں کو جگا رہا ہے۔ مُردوں کو جِلا رہا ہے۔ حُبِّ نبوی کے کرشمے دکھا

رہا ہے۔ عربی صلوٰۃ و سلام کا یہ انتخاب مشکوٰۃ الصلوات بفضلہ تعالیٰ اب شائع ہوتا ہے۔ اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

مشکوٰۃ الصلوات سات حزبوں میں منقسم ہے۔ ہر روز ایک ایک حزب پڑھی جائے تو ہفتہ میں ایک دور پورا ہو سکتا ہے۔ ہر حزب میں جو صلوٰۃ و سلام ترتیب دئے ہیں اُن میں معنوی لحاظ سے باہم خاص مجانست اور مناسبت ہے۔ چنانچہ پہلے تین حزب قرآن کریم سے ماخوذ ہیں۔ دو میں تو صلوٰۃ و سلام کے ساتھ ساتھ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عبدیت و رسالت کے گوناگوں اعتبارات پیش کئے ہیں اور تیسرے میں مومنین کے مدارج اور اُن کے لوازم و ثمرات بیان ہوئے ہیں۔ اس طرح صلوٰۃ و سلام کے ضمن میں قرآن کریم کے بہت سے اہم مقامات ذہنشین ہو جاتے ہیں۔ ہر آیت کے آخر میں پارہ اور رکوع کا حوالہ بھی درج ہے۔ یہ بالکل جدید ترتیب ہے۔ چوتھے حزب میں بیشتر وہ صلوٰۃ و سلام درج ہیں جو احادیث شریفہ سے منقول ہیں۔ باقی تین حزبوں کے صلوٰۃ و سلام بڑے بڑے صدیقین و صالحین کی محبت و تعظیم کی یادگار ہیں۔ ان کے انتخاب میں سلاست بیان، فصاحت زبان اور وضاحت شان کا خاص لحاظ رکھا۔ تب کہیں حزبوں میں سمائی ہوئی۔ ورنہ اولیاء کرام کے صلوٰۃ و سلام کا بہت وافر ذخیرہ موجود ہے۔ آنکھوں سے لگانے اور دل میں بٹھانے کے قابل ہے۔ عبدیت و رسالت کی نورانی تفسیر ہے شانِ محمدی کی تصویر ہے۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

قرآن کریم کے سوا جن مشہور اور مستند کتابوں سے اس انتخاب میں خاص مدد ملی اُن کی صراحت عربی مقدمہ میں درج ہے۔ اس سے واضح ہوگا کہ یہ انتخاب گو

فی الجملہ مختصر ہے، تاہم نادر صلوٰۃ وسلام اس مجموعہ میں علی الترتیب یکجا درج ہیں۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔ غرضکہ خادمانِ اسلام اور فدائیانِ رسول ؐ کے واسطے یہ مجموعہ بھی عجب دل افروز اور روح پرور توشہ ہے۔ خدا کے فضل سے اُمید ہے کہ نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام اسلامی ممالک میں اس انتخاب کی اشاعت ہوگی۔ اس سے محبت وعظمت نبوی ؐ کی لہر مسلمانوں کے دلوں میں دوڑ جائے گی۔ حیاتِ تازہ حاصل ہوگی اور کچھ عجب کیفیت ہوگی۔

ہستیم گرچہ دُور کمالی زِ آب و گِل
پیوستہ جان و دِل بحضورِ محمدؐ ست
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

بیت السلام سیف آباد
حیدر آباد دکن
رمضان سنہ ۱۳۴۹ھ

الفقیر
خادم محمد الیاس برنی

بِفَضْلِہٖ تعَالیٰ

سنہ ۱۳۵۲ھ میں حج کیا تو بڑا پارسل ساتھ تھا۔ خوب ہدیۃً تقسیم ہوئی بالخصوص عربوں میں اس کی بہت قدر ہوئی۔ بہت مانگ ہوئی دینی اور ادبی دونو لحاظ سے مشکوٰۃ الصلوات بہت پسند کی گئی عجیب کیفیت ہوتی تھی جب حرم نبویؐ میں زائرین اصرار کرتے کہ چلئے اور مواجہہ شریف میں ہم کو مشکوٰۃ الصلوات کے ورد کی اجازت دیجئے۔ ہزارہا عذر کرتا کہ میں ادنیٰ خادم ہوں۔ میری کیا حقیقت جو اجازت دوں۔ لیکن ایک نہ سنتے اور اجازت حاصل کرتے۔ نوبت یہ ہوئی کہ شیخ الدلائل جو مدینہ منورہ میں دلائل الخیرات کی اجازت دیتے ہیں حضرت ممدوح نے بھی مشکوٰۃ الصلوات کو از حد پسند فرمایا اور ہدیہ کے ساتھ اجازت کی فرمائش کی۔ غرضکہ خدا کے فضل سے حجاج کے ذریعہ اس کتاب کی عربی اور اسلامی ممالک میں خوب اشاعت ہو گئی۔

رجب سنہ ۱۳۵۶ھ

خادم
محمد الیاس برنی

تمہید

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلٰی قَدْرِ حُسْنِہٖ وَ جَمَالِہٖ - وَفَضْلِہٖ وَکَمَالِہٖ - وَبَذْلِہٖ وَنَوَالِہٖ - وَفَقْرِہٖ وَسُؤَالِہٖ - وَفَوْزِہٖ وَمَآلِہٖ - وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ -

مرشدی ومولائی حضرت مولانا محمد الیاس برنی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی تصنیفات وتالیفات کے ذریعہ دین وملت کی بہت سی خدمات انجام دیں۔ حضرت کی تصنیفات وتالیفات کی تعداد اکاون تک پہنچی ہے۔ جو تحقیق وجامعیت کے اعتبار سے سند سمجھی جاتی ہیں۔ لیکن آپ کا خاص نایہ ناز کارنامہ درود شریف کا مجموعہ "مشکوٰۃ الصلوات" سمجھا جا سکتا ہے۔ اس چودہ سو برس کے عرصے میں عاشقانِ رسولؐ نے صلوٰۃ وسلام کے بڑے اہتمام بالشان مجموعے مرتب کئے جو آنکھوں سے لگانے اور دل میں بٹھانے کے قابل ہیں کہ شانِ محمدیؐ کی تصویریں اور مقامِ محمدیؐ کی تفسیریں ہیں۔

لیکن مشکوٰۃ الصلوات "ترتیب وتہذیب" کے لحاظ سے درود شریف پر اپنی نوعیت کی ایک جدید طرز کی تالیف ہے۔ اس کی خاص خصوصیت یہ ہے کہ اس کے پہلے تین حزبوں میں تمام تر ایسے درود درج ہیں جو خالص قرآنی آیات سے ماخوذ ومربوط ہیں۔ چوتھے حزب میں بیشتر ایسے درود ہیں جو احادیث

صحیحہ سے منتخب ہیں۔ آخری تین حزبوں میں اکابر عدلیقین ومقربین کے مرتب کردہ بہتر سے بہتر اور نادر سے نادر درودوں کا خلاصہ اور انتخاب، عطر اور نچوڑ پیش ہے۔ یہ تمام درود بھی اپنے معنوی ربط اور مجانست کے لحاظ سے اولیاء اللہ کی قرآنی یافت کا مرقع ہیں۔ جن کے ورد سے بفضلہ رسالت محمدیؐ کی شانیں کھلنے لگتی ہیں۔ اور حقیقت محمدیؐ کے گوناگوں مقامات کا انکشاف وانفتاح ہونے لگتا ہے۔ مقام محمدیؐ کی عظمت سمجھ میں آتی ہے۔ اور دل میں حُبِ نبویؐ کا جذبہ اُبھرتا ہے اور اتباعِ رسولؐ کا شوق تیز ہو جاتا ہے۔ اور گلِ مراد حاصل ہو جاتا ہے۔

ماشاء اللہ۔ حضرت کی زندگی ہی میں عالمِ اسلام میں مشکوٰۃ الصلوات کو مقبولیت حاصل ہوئی۔ چنانچہ پانچ دفعہ طبع ہو کر ہزاروں کی تعداد میں تقسیم ہوئی۔ علماء وشیوخ عرب نے اس کو پسند فرمایا۔ حتیٰ کہ حضرت کے دُوسرے حج کے موقع پر حرمین شریفین میں بہت سے اکابر اہلِ علم نے حضرت سے اس کے ورد کی اجازت حاصل کی۔ اور مغرب کے مشہور بزرگ مولانا عبدالحی کتانی (مراکش) نے تو حرم شریف میں حضرت سے فرمایا "آپ رسول اللہ کا زندہ معجزہ ہیں کہ عربی نہ جاننے کے باوجود آپ نے درود شریف کی ایسی کتاب تالیف فرمائی ہے جو ادبیت معنویت قرآنیت اور عظمتِ نبوی کی وضاحت کے لحاظ سے غیر معمولی شانیں رکھتی ہے اور یہ کام آپ کے لئے مقدر تھا"۔ (ماخوذ از قول طیب صفحہ ۳۸۳)

حضرت کی زندگی ہی میں فرمائشیں ہونے لگی تھیں کہ خوب ہو اگر اس کتاب کا اُردو ترجمہ ہو جائے کہ عاشقانِ محمدیؐ کو فہم معنی کے ساتھ اسے پڑھنے اور

رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی شانیں سمجھنے کا موقع ملے اور اس طرح فیضان کا دائرہ وسیع ہو لیکن ترجمہ کی نوبت نہ آسکی۔ ناچیز کی بے بضاعتی تو ظاہر ہے۔ لیکن توفیق الٰہی دامن گیر ہوئی تو حال میں اپنی ایک بچی کی شادی کے موقع پر حضرت کے خاص اورادِ قرآنی کے مجموعہ "حزب اللہ" کو ترجمہ کے ساتھ ہدیتاً پیش کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ اس کے بعد ہی "مشکوٰۃ الصلوات" کے ترجمہ کا خیال دل میں آیا محض فضل الٰہی کا کرشمہ تھا کہ ایک مہینہ میں ترجمہ مکمل ہوگیا۔ اس ترجمہ کے ملاحظہ سے واضح ہو سکے گا کہ رسالتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حقائق و دقائق کو سمجھنا، سمجھانا کتنا دشوار کام ہے۔ توفیق الٰہی تھی کہ اس ناچیز کو ترجمہ کی سعادت نصیب ہوئی اس سلسلہ میں برادرم مولوی محمد عبد الخالق خاں صاحب کا شکریہ واجب ہے کہ آپ نے اول تا آخر دقیقہ رسی اور باریک بینی سے میرے ساتھ اس ترجمہ کی نظر ثانی فرمائی اور حضرت کے نقطۂ نظر کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس کی اصلاح فرمائی۔ بلکہ میری تنگیٔ وقت کے مدِ نظر حزبِ چہارم کا تمام تر ترجمہ آپ ہی نے فرمایا۔ ایک خاص کام جو آپ کے ہاتھوں بن پڑا وہ یہ ہے کہ حضرت کی زندگی میں حضرت کے ارشاد کی تعمیل میں آپ نے مشکوٰۃ الصلوات کے نسخہ کی تصحیح کا کام انجام دیا تھا اور آپ کے پاس وہ نسخہ محفوظ تھا جس میں وہ ترمیمیں بھی شریک تھیں جو بعد نظر ثانی حضرت نے فرمائی تھیں۔ چنانچہ اسی نسخہ کے مطابق کتابت کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ اللہ تعالےٰ صحیح معنی میں آپ کو جزائے خیر دے اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں پر ہمیں سرفراز فرمائے۔ آمین۔ ثم آمین

اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تری معراج ہے قربِ معبود میری معراج یہ ہے تیرے قدم تک پہنچا

مشکوٰۃ الصلوات کی طبع ششم کی تقریب یہ ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے برادرم مولوی عبدالحق صاحب صدر مدرس وظیفہ یاب کو اپنے فضل سے جو نیک اور سعادت مند اولاد عطا فرمائی ہے ان میں فرزندِ اکبر میاں عبدالرب بی۔کام۔ ایم۔ اے ایل ایل بی بہت ہونہار اولوالعزم اور ایک ہمدرد مخیر کاروباری ہیں۔ حُبِ رسول صلعم کی اشاعت کی سعادت حاصل کرنے کے لئے انہوں نے ہمارا یہ مشورہ پسند فرمایا کہ اُن کی شادی کی تقریب میں **مشکوٰۃ الصلوات** احباب اور علماءِ دین میں ہدیتاً تقسیم کی جائے۔ چنانچہ طبع ششم کے ایک ہزار نسخے صاحبِ موصوف کی طرف سے اس مبارک تقریب میں ہدیتاً تقسیم کئے جا رہے ہیں۔ لیکن استفادۂ عام کے لئے آیندہ طباعت ہفتم کے نسخے قیمتاً تقسیم کئے جائیں گے اللہ تعالیٰ ان کے اور ان کے ارکانِ خاندان کے قلوب میں حب نبوی کے جذبات میں روز افزوں ترقی عطا فرمائیے اور ملت کے دیگر مخیر حضرات کو بھی اس مثال کی تقلید کی توفیق عطا فرمائے کہ ایسے مبارک موقعوں پر اس قسم کے کارہائے خیر کی کثرت ہو۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

عیدالاضحیٰ سنہ ۱۳۸۳ھ ۲۳ اپریل سنہ ۱۹۶۴ء

خادم

عبدالحلیم الیاسی غفرلہٗ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

مُقدمہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
سب خوبیاں اللہ ہی کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے اور درود و سلام ہو
عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ۔ خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ۔ رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ
محمدؐ پر جو رسولوں کے سردار ہیں جن پر نبیوں کا سلسلہ ختم ہوتا ہے۔ جو جملہ عوالم کیلئے رحمت ہیں
بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۝ اَلَّذِیْ قَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰے
اور مومنین کیلئے بیحد شفیق اور رحمت خاص والے ہیں جنکی شان میں اللہ تبارک و تعالیٰ نے
فِیْ حَقِّہٖ لِلتَّکْرِیْمِ ۝ وَاَنْزَلَ اللّٰہُ عَلَیْکَ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَۃَ
تکریماً فرمایا ہے۔ اللہ تعالےٰ نے تم پر کتاب اور حکمت اتاری
وَعَلَّمَکَ مَا لَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ ؕ وَکَانَ فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ
اور تم کو وہ باتیں سکھائیں جو تم نہ جان سکتے تھے۔ اور تم پر اللہ کا بڑا فضل
عَظِیْمًا ۝ (۵:۱۴) وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ ۝ (۲۹:۳)۔ وَرَفَعْنَا
ہے۔ بیشک آپکی تخلیق اخلاق حسنہ کے اعلیٰ معیار پر ہوئی ہے۔ اور ہم نے

لَكَ ذِكْرَكَ ط (۹ : ۳۰) اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰۤئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط

آپ کیلئے آپکا نیک ذکر بلند کیا۔ بیشک اللہ اور اُسکے فرشتے درود بھیجتے ہیں نبی (محمدؐ) پر

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (۲۲ : ۴)

اے ایمان والو تم بھی اُن پر درود بھیجو اور خوب خوب سلام بھیجو۔

اَمَّا بَعْدُ فَهٰذَا كِتَابٌ فِى الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ

یہ کتاب جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ط جَمَعْتُ فِيْهِ بَعْدَ الْاِسْتِيْعَابِ

بیان پر مشتمل ہے میں نے اس میں بہت غور و خوض کے بعد

بِالْاِنْتِخَابِ مَعَ التَّرْتِيْبِ وَالتَّهْذِيْبِ مَا وَرَدَ مِنَ

انتخاب کر کے خاص ترتیب و تہذیب کے ساتھ اُن تمام

الْفَضَائِلِ وَالشَّمَائِلِ فِى الْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ وَفِىْ

فضائل و شمائل کو جمع کیا ہے جو قرآن عظیم اور نبی کریم

اَحَادِيْثِ النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ۔ وَفِىْ اَوْرَادِ الصِّدِّيْقِيْنَ

کی احادیث میں اور صدیقین

وَالصَّالِحِيْنَ ط اَلْمَذْكُوْرَةِ فِى الْكُتُبِ الْمُعْتَبَرَةِ الْمَشْهُوْرَةِ

وصالحین کی اوراد میں مروی ہیں جس کا ذکر معتبر مشہور کتابوں میں موجود ہے مثلاً

كَكَنْزِ الْعُمَّالِ لِعَلِيِّ نِ الْمُتَّقِىْ۔ وَالْحِزْبِ الْاَعْظَمِ۔ لِعَلِيِّ

(۱) حضرت علی متقی کی کنز العمال (۲) حضرت علی قاری کی حزب الاعظم

نِ الْقَادِرِیْ ـ وَدَلَائِلِ الْخَیْرَاتِ لِلْجَزُوْلِیْ ـ وَصَلَوَاتِ الثَّنَاءِ

(۳) حضرت جزولی کی دلائل الخیرات (۴) حضرت نبہانی کی

وَاَفْضَلِ الصَّلَوَاتِ وَسَعَادَةِ الدَّارَیْنِ لِلنَّبْهَانِیْ ـ

صلوات الثنا وافضل الصلوات وسعادۃ الدارین

وَمَجْمُوْعَةِ الْاَوْرَادِ وَالْاَحْزَابِ لِلْکَمِشْخَانَوِیْ ـ

اور (۵) حضرت کمشخانوی کے مجموعۃ الاوراد والاحزاب

رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰی اَجْمَعِیْنَ فَسَمَّیْتُهٗ مِشْکٰوةَ الصَّلَوَاتِ

اللہ تعالےٰ ان سب حضرات پر رحم فرمائے اور میں نے اس کتاب کا نام مشکوٰۃ الصلوات

وَقَسَّمْتُهٗ عَلٰی سَبْعَةِ اَحْزَابٍ بِحَسَبِ تَجَانُسِ الْاَوْرَادِ

رکھا ہے اور اس کو سات حصوں میں مجانست و مناسبت اوراد کے لحاظ سے

رَتَّبْنَا سُبُهَا ـ اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ ـ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ

تقسیم کیا ہے یا اللہ اس کو میری طرف سے قبول فرمائیے کہ آپ خود ہی ہیں سننے والے جاننے والے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَرْفَعُ بِهَا حُجُبِیْ

یا اللہ درود بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر ایسا درود جسکی برکت سے آپ میرے حجابوں کو اٹھا دیں

وَتُنَوِّرُ بِهَا قَلْبِیْ وَتُؤَکِّدُ بِهَا حُبِّیْ وَتُحَقِّقُ بِهَا قُرْبِیْ

اور میرا قلب روشن فرمادیں اور اس کی برکت سے میری محبت کو مستحکم فرمادیں اور قرب کو میرا متشام

وَتُؤَهِّلُنِیْ بِهَا لِرُؤْیَتِهٖ وَمُشَاهَدَتِهٖ وَتُسْعِدُنِیْ بِمُکَالَمَتِهٖ ـ

بنادیں اور مجھے آنحضرتؐ کی رویت اور مشاہدہ کا اہل بنادیں اور ان سے گفتگو اور روبرو

حضوری کی سعادت بھی مجھے عطا فرمائیں

وَمُشَافَهَتِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

اور برکت اور سلام بھی بھیجیے

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۚ وَسَلٰمٌ

پاک ذات ہے تمہارے رب کی جو عزت والا ہے اور ان باتوں سے پاک ہے جو یہ بیان کرتے ہیں اور سلام

عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

پیغمبروں پر۔ اور سب خوبیاں اللہ ہی کے لئے ہیں جو سارے جہاں کا رب ہے۔

الفقیر خادم

محمد الیاس البرنی

ببیت السلام۔ سیف آباد

حیدرآباد۔ الدکن۔ الہند

رمضان المبارک ۱۳۴۹ھ

اَلْحِزْبُ الْاَوَّلُ

حزب اوّل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور بے انتہا رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ نَوَیْتُ بِصَلٰوتِیْ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

یا اللہ! میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کی نیت کی ہے،

اِمْتِثَالًا لِاَمْرِكَ وَتَعْظِیْمًا لِنَبِیِّكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

آپ کے حکم کی تعمیل میں، اور آپ کے نبی ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم

وَسَلَّمَ ۔ فَتَقَبَّلْھَا مِنِّیْ بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ ۔ وَاَزِلْ حِجَابَ

کی تعظیم کی غرض سے آپ اپنے فضل و احسان سے اس درود کو میری طرف سے قبول فرمائیے اور

الْغَفْلَةِ عَنْ قَلْبِیْ ۔ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ ○

میرے دل سے غفلت کا پردہ اٹھا دیجیے اور مجھے اپنے نیک بندوں کے زمرہ میں شامل کر دیجیے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ

یا اللہ! ہمارے سردار محمدؐ اور ان کی آل و اولاد و اصحاب پر رحمت بھیجیے اتنی تعداد میں

صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

جو علم الٰہی میں ہو ایسی رحمت جس کا سلسلہ دوامِ اللہ تعالیٰ کی بادشاہت کے ہمیشگی کی طرح جاری ہو اور سلام بھی بھیجیے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ قُلْتَ فِيْهِ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کی شان میں آپ نے فرمایا!

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

کہ بیشک اللہ اور اُس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں۔ نبی (محمدؐ) پر۔ اے ایمان والو!

اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ (۲۲ : ۴)

تم بھی اُن پر درود بھیجو اور خوب خوب سلام بھیجو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ دَعٰى

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کے لئے

لَهٗ اَبُوْهُ اِبْرٰهِيْمُ فَقَالَ - رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ

ان کے باپ ابراہیمؑ نے دعا فرمائی اور عرض کیا۔ اے ہمارے پروردگار اٹھایئے ان میں

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ

انہی میں سے ایک رسول جو ان پر آپکی آیتوں کی تلاوت کرے اور انکو کتاب حکمت (دانائی کی باتیں) سکھائے

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (۱ : ۱۵)

اور ان کے نفوس کو پاک کرے۔ بیشک آپ ہی زبردست حکمت والے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ اَخَذْتَ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کے لئے آپ نے عہد لیا

لَهُ الْمِيْثَاقَ فَقُلْتَ - وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ

اور فرمایا! اے محمدؐ اُس وقت کو یاد دلاؤ جب کہ اللہ نے نبیوں سے عہد و قرار لیا کہ

اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتَابٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا
میں جو کچھ کتاب و حکمت تم کو دوں پھر پیغمبر (محمدؐ) تمہارے پاس آئیں اور تمہارے پاس کی وحی (کتاب و حکمت) کی تصدیق
مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ
کریں تو دیکھو ان پر ضرور ایمان لانا اور انکی مدد کرنا۔ اور دریافت فرمایا کیا تم نے اقرار کر لیا اور
عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ
ان باتوں پر تم نے میرا ذمہ قبول کر لیا (پیغمبروں نے عرض کیا (ہاں) ہم نے اقرار کیا (اللہ نے) فرمایا اچھا تم
مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ○ (۳:۱۷)
اس قول و قرار کے گواہ رہو میں بھی تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ایک گواہ ہوں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ بَشَّرَ بِهٖ
یا اللہ رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کے متعلق حضرت عیسیٰؑ
الْمَسِيْحُ فَقَالَ يٰبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ
مسیحؑ نے خوشخبری سنائی اور فرمایا اے بنی اسرائیل بیشک میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا آیا ہوں
مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَىَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًاۢ بِرَسُوْلٍ
اور مجھ سے پہلے جو توریت آچکی ہے اسکی تصدیق کرنیوالا ہوں اور میں ایک رسول کی خوشخبری دینے والا
يَّاْتِىْ مِنْۢ بَعْدِى اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ؕ (۲۸:۹)
ہوں جو میرے بعد آئیگا اور اس کا نام احمدؐ ہوگا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ مَنَنْتَ
یا اللہ رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کے ذریعہ آپ نے ان کی

بِهٖ عَلٰۤى اُمَّتِهٖ فَقُلْتَ۔ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ

امت پر احسان کیا اور فرمایا کہ حقیقت میں اللہ نے مسلمانوں پر احسان کیا جو اُن میں انہیں میں

فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ

کا ایک رسول بھیجا جو ان پر اللہ کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے اور ان کو پاک کرتا ہے۔

وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ

اور اُن کو کتاب وحکمت سکھاتا ہے، حالانکہ وہ اس سے پہلے صریح

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ (۳: ۱۶۴)

گمراہی میں تھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا

اِنَّاۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ كَمَاۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ

ہم نے تیری طرف وحی بھیجی جیسے ہم نے نوحؑ کی طرف وحی بھیجی تھی اور اس کے بعد

مِنْ بَعْدِهٖ ۚ (۴: ۱۶۳)

اور پیغمبروں کے پاس۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِيْۤ اَنْزَلْتَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن پر آپ نے یہ نازل فرمایا

عَلَيْهِ ۔ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ

پڑھو اپنے پروردگار کے نام کے ساتھ جس نے (مخلوق کو) پیدا کیا اور انسان کو جمے ہوئے

عَلَقٍ ۚ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ عَلَّمَ

خون سے پیدا کیا۔ پڑھ اور تیرا رب بہت کرم کرنے والا ہے جس نے قلم کے ذریعہ علم سکھایا اور

الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ؕ (۲۱ : ۳۰)

انسان کو وہ سب سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْ قُلْتَ لَهٗ۔

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جن سے آپ نے فرمایا

وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ

اللہ تعالیٰ نے تم پر کتاب اور حکمت اتاری اور تم کو وہ باتیں سکھائیں جو تم

تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكَ عَظِیْمًا ۝ (۱۳ : ۱۵)

نہ جان سکتے تھے۔ اور تم پر اللہ کا بڑا فضل ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﷺ الَّذِیْٓ اَنْزَلْتَ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جن پر آپ نے نازل فرمایا

عَلَیْهِ۔ تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ لِیَكُوْنَ

(اللہ) بہت برکت والا ہے جس نے اپنے بندے (محمد ﷺ) پر (فیصلہ کی) کتاب) فرقان

لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرَا ۙ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ

اتارا تاکہ وہ تمام دنیا جہان کیلئے ڈرانے والا ہو۔ وہ ذات جس کیلئے آسمانوں اور زمین کی حکومت ہے

یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَیْءٍ

اور جس نے کسی کو بیٹا نہیں قرار دیا اور نہ حکومت میں اسکا کوئی ساجھی ہے اور اسی نے ہر چیز کو پیدا کیا

فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝ (۱۶ : ۱۸)

اور ہر چیز کیلئے ایک مناسب اندازہ ٹھیرا دیا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپنے فرمایا۔ بیشک ہم نے تم کو

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِىْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ۝ (۱۴ : ۶)

(سورۂ فاتحہ کی) سات آیتیں عطا فرمائیں جو (بطور وظیفہ نماز میں) بہرائی جاتی ہیں اور بڑے درجے کا قرآن ع

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالَّذِىْ اَنْزَلْتَ

یا اللہ! درود و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن پر آپ نے نازل فرمایا

عَلَيْهِ۔ الٓرٰ قف كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ

الٓر۔ یہ کتاب ہے اسے ہمنے تم پر اسلئے اتارا ہے کہ لوگوں کو تم انکے رب کے حکم سے

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ

(کفر کی) اندھیریوں سے نکالکر (ایمان کے) اُجالے میں لاؤ (یعنی) اس ذات پاک کے رستے پر لاؤ جو نہایت

اللّٰهِ الَّذِىْ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ط (۱۳ : ۱۳)

عزت والا اور خوبیوں والا ہے (یعنی) اللہ کہ اُسی کی ملک ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپنے فرمایا طٰہٰ ہم نے تم پر

طٰهٰ ج مَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰۤى ۙ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ

قرآن اس لئے نہیں اتارا کہ تم تکلیف اٹھاؤ۔ بلکہ ایسے شخص کی نصیحت کیلئے اتارا ہے جو اللہ

يَّخْشٰى ۝ تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۝

ڈرتا ہو۔ یہ (اُس خدا کا) اتارا ہوا ہے جس نے زمین کو اور بلند آسمانوں کو پیدا کیا۔

اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝ (۱۰ : ۱۶)

وہ بیحد رحم کرنے والا ہے جو عرش بریں پر براج رہا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ.

یا اللہ رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا

ہم نے تم پر یہ کتاب اسی غرض سے اتاری ہے کہ تم اُن سے وہ تمام باتیں کھولکر بیان کردو جن میں یہ

فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ (۱۴ : ۱۴)

یہ آپس میں اختلاف کر رہے ہیں۔ علاوہ ازیں یہ کتاب ایمان والوں کیلئے موجب ہدایت و رحمت ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ.

یا اللہ ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا

(حقیقت میں) ہم نے یہ کتاب تم پر حق کے ساتھ اتاری ہے پس اللہ ہی کی عبادت کرو اسی

لَّهُ الدِّيْنَ ۝ع (۱۵ : ۲۳)

کیلئے عبادت کو خالص کر کے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ ! رحمت و سلام بھیجئے۔ ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا۔

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا عَلَيْهِم مِّنْ أَنفُسِهِمْ وَ

(اُس دن کو یاد کرو) جب ہم ہر ایک اُمت میں اُن ہی میں کا ایک گواہ (یعنی پیغمبر) اُنکے مقابلہ میں

جِئْنَا بِكَ شَهِيدًا عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ ۚ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا

کھڑا کرینگے۔ اور ان سب پر ہم تم (محمدؐ) کو گواہ بنا کر لائیں گے اور ہمنے تم پر یہ کتاب اتاری ہے جو ہر چیز کو بیان

لِّكُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً وَبُشْرَىٰ لِلْمُسْلِمِينَ ۝ (۱۸ : ۱۴)

کرنیوالی ہے اور خاص مسلمانوں (حکم برداروں) کیلئے یہ ہدایت و رحمت اور خوشخبری ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا

وَاتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِن كِتَابِ رَبِّكَ ۖ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ ج

پڑھو تم اپنے رب کی کتاب سے جو تم پر وحی کی گئی ہے۔ اُس کی باتوں کو کوئی بدل نہیں سکتا۔

وَلَن تَجِدَ مِن دُونِهِ مُلْتَحَدًا ۝ (۱۶ : ۱۵)

اور اس (کتاب) کے سوائے تم کہیں پناہ کی جگہ نہیں پاؤ گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا

فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِي أُوحِيَ إِلَيْكَ ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ صِرَاطٍ

(اے پیغمبر) قرآن جو تمہاری طرف وحی کیا گیا ہے اسکو خوب مضبوط پکڑے رہو بیشک تم

مُّسْتَقِيمٍ (۱۰ : ۲۵)

سیدھے راستہ پر ہو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَمَرْتَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جن کو آپ نے حکم فرمایا

وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝ (۱۵ : ۱۶)

کہو۔ اے میرے رب! مجھے اور زیادہ علم عطا فرمائیے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جن پر آپ نے نازل کیا۔

عَلَيْهِ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝

تم کہو۔ وہ اللہ یکتا ہے اللہ کسی کا محتاج نہیں، سب اُسکے محتاج ہیں۔ نہ جانا

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ (۳۰ : ۱۳۷)

جنا گیا یعنی اُس کی اولاد نہیں اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اس کے برابر کوئی نہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جن پر آپ نے نازل فرمایا۔

عَلَيْهِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

سب خوبیاں اللہ ہی کیلئے ہیں جو تمام عالموں کا پروردگار ہے بڑا مہربان بے انتہا رحم کرنیوالا ہے

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا

انصاف کے دن کا مالک ہے۔ (یا اللہ) ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی سے مدد مانگتے ہیں

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝

ہم کو سیدھا راستہ چلائیے اُن لوگوں کا راستہ جن پر آپ نے فضل و انعام فرمایا

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝ (۱:۱)

نہ کہ اُن کا راستہ جن پر آپ کا غضب نازل ہوا اور نہ گمراہوں کا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قُلْتَ لَہٗ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جن سے آپ نے فرمایا

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَیْکَ اٰیٰتٍ بَیِّنٰتٍ ۚ وَمَا یَکْفُرُ بِھَآ اِلَّا

بے شک ہم نے تمہارے پاس صاف واضح آیتیں بھیجی ہیں۔ اور اُن سے سوائے نافرمانوں کے

الْفٰسِقُوْنَ ۝ (۱:۱۲)

کوئی انکار نہیں کرتا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جن پر آپ نے نازل فرمایا

عَلَیْہِ۔ وَاِنْ کُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰی عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَۃٍ

اگر تم کو اس کلام اللہ میں شک ہو جو ہم نے اپنے بندے (محمد ﷺ) پر اتارا ہے تو اس کے ہم پلہ

مِّنْ مِّثْلِہٖ ص وَادْعُوْا شُھَدَآءَ کُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ اِنْ کُنْتُمْ

ایک سورۃ تم بھی بنا لاؤ۔ اور اللہ کے سوا اپنے حامیوں کو بلا لاؤ اگر تم اس دعوے میں

صٰدِقِیْنَ (۱:۳)

سچے ہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قُلْتَ لَہٗ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جن سے آپ نے فرمایا

یٰاَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ

اے رسولؐ! جو کچھ تم پر اپنے رب کی طرف سے نازل ہو اسکو پہنچا دو۔ اگر تم نے ایسا نہ کیا تو

فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَہٗ ؕ وَاللّٰہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ ؕ (۵:۶۷)

(سمجھا جائیگا) تم نے حق رسالت ادا نہیں کیا۔ اور اللہ تم کو لوگوں کے شر سے بچائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قُلْتَ لَہٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا!

وَادْعُ اِلٰی رَبِّکَ ؕ اِنَّکَ لَعَلٰی ھُدًی مُّسْتَقِیْمٍ ۝ (۲۲:۶۷)

(لوگوں کو) اپنے رب کیطرف بلاتے جاؤ کیونکہ تم (یقیناً) سیدھے راستہ پر ہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قُلْتَ لَہٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا۔

فَتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّکَ عَلَی الْحَقِّ الْمُبِیْنِ ۝ (۲۷:۷۹)

پس اللہ ہی پر توکل کرو بے شک تم صریح حق پر ہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قُلْتَ لَہٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا۔

وَتَوَکَّلْ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِہٖ ؕ (۲۵:۵۸)

اُس زندہ (خدا) پر توکل کرو جو مرنے والا نہیں اور اُسکی حمد کے ساتھ پاکی بیان کرو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قُلْتَ لَہٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا!

قُلْ اِنِّیْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰہَ مُخْلِصًا لَّہُ الدِّیْنَ ۝ وَاُمِرْتُ

کہو، مجھے حکم ملا ہے کہ اللہ ہی کی عبادت کروں اور اسی کے واسطے عبادت کو خالص رکھوں اور

لِاَنْ اَکُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝ (۱۶: ۲۳)

حکم ہوا ہے کہ میں ہی پہلے مسلمان ہوں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قُلْتَ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا

قُلْ ھٰذِہٖ سَبِیْلِیْٓ اَدْعُوْٓا اِلَی اللّٰہِ قف عَلٰی بَصِیْرَۃٍ اَنَا وَمَنِ

کہو میرا طریق تو یہ ہے کہ (سب کو) اللہ کی طرف بلاتا ہوں سمجھ بوجھ کر میں اور جس نے

اتَّبَعَنِیْ ط وَسُبْحٰنَ اللّٰہِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ ۝ (۲۶:

میری پیروی کی۔ اور اللہ کی ذات (شرک سے) پاک ہے اور میں شرک کرنیوالوں میں نہیں ہوں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قُلْتَ لَہٗ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا

اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ وَجَادِلْھُمْ

اپنے رب کے راستہ کی طرف حکمت اور نیک نصیحت کے ساتھ بلاؤ اور انکے ساتھ پسندیدہ

بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ ط اِنَّ رَبَّکَ ھُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِیْلِہٖ

طریقہ پر بحث کرو۔ بیشک تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ کون اسکی راہ سے بھٹکا اور

وَھُوَ اَعْلَمُ بِالْمُھْتَدِیْنَ ۝ (۱۴: ۲۲)

راہ پانے والوں کو بھی خوب جانتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قُلْتَ فِيْهِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا

عَبَسَ وَتَوَلّٰىٓ ۝ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ۝ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰىٓ ۝

(پیغمبر صاحب) چیں بجبیں ہوئے اور متوجہ نہ ہوئے اس بات سے کہ ان کے پاس ایک نابینا آیا اور اے پیغمبر تم کیا جانو

اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ۝ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ۝ فَاَنْتَ

عجب نہیں کہ (تمہاری تعلیم سے) وہ سنور جائے یا وہ نصیحت سنے اور اسکو نصیحت فائدہ کرے۔ سو جو لاپروائی

لَهٗ تَصَدّٰى ۝ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ۝ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ

کرتا ہے تم اسکی تو فکر میں ہو حالانکہ وہ اگر نہ سنورے تو تم پر کوئی الزام نہیں اور جو تمہارے پاس (دین کے شوق میں)

يَسْعٰى ۝ وَهُوَ يَخْشٰى ۝ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ۝ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۝

دوڑتا آتا ہے اور وہ اللہ سے ڈرتا بھی ہے تو تم اس سے بے اعتنائی کرتے ہو سنو جی یہ (قرآن) تو ایک نصیحت ہے

فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝ (۸۰ : ۵ - ۱۲)

سو جس کا جی چاہے اسکو پڑھے (قبول کرے)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (۸ : ۶۴)

اے نبی! تمہارے لئے اللہ کافی ہے اور جن مسلمانوں نے تمہاری پیروی کی ہے وہ کافی ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا

وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ فَاِنْ

جو مسلمان تمہارے پیچھے ہو لئے ہیں اُن سے تواضع اور فروتنی سے پیش آؤ۔ اگر وہ

عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ۚ (۱۹ : ۱۵)

تمہاری نافرمانی کریں تو کہو میں تمہارے اعمال و افعال سے بری الذمہ ہوں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جن سے آپ نے فرمایا

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

پس اگر وہ پھر جائیں تو کہو بس ہے میرے لئے اللہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی پر میں نے

وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ (۵ : ۱۱)

بھروسہ کیا اور وہ بڑے تخت کا مالک ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جن پر آپ نے نازل کیا

عَلَيْهِ۔ قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ

کہو اے کافرو! نہ میں تمہارے معبودوں کی عبادت کرتا ہوں اور نہ تم عبادت کرنیوالے

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ

ہو اس (خدائے واحد) کی جس کی میں عبادت کرتا ہوں اور (پھر کہو کہ) نہ میں تمہارے معبودوں کی عبادت کرونگا اور نہ

عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۭ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ (۳۰ : ۳۴)

تم عبادت کرنیوالے ہو جس معبود واحد کی میں عبادت کرتا ہوں تم کو تمہارا بدلہ ملیگا اور مجھ کو میرا بدلہ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جن سے آپ نے فرمایا

لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِىْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ○ (۱۴ : ۵)

(اے پیغمبر) تمہاری جان کی قسم۔ وہ (کافر) اپنی مستی میں مدہوش ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَمَرْتَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جن کو آپ نے حکم فرمایا

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ○ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ○ نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ

اے چادر اوڑھنے والے! رات کو تھوڑی دیر عبادت میں کھڑے رہو۔ نصف رات یا اس سے

مِنْهُ قَلِيْلًا ○ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ○ اِنَّا سَنُلْقِىْ

کچھ تھوڑا سا کم کرلیا (آدھی رات سے) کچھ بڑھا دیا کرو اور قرآن کو خوب واضح ٹھیر ٹھیر کر پڑھو۔ ہم تم پر ایک

عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ○ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِىَ اَشَدُّ وَطْاً

بھاری بات (قرآن کا بوجھ) ڈالنے کو ہیں۔ بیشک رات کا اٹھنا (نفس کو) خوب کچلتا ہے اور (دل سے)

وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ○ اِنَّ لَكَ فِى النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ○

بات سیدھی نکلتی ہے بے شک تم کو دن میں بہت کام رہتا ہے۔

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ○ رَبُّ الْمَشْرِقِ

اور اپنے رب کا نام یاد کرتے رہو اور سب سے ٹوٹ کر اسی کے ہو رہو وہ مشرق و مغرب (تمام جہاں) کا رب

وَالْمَغْرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ○ (۲۹ : ۱۳)

ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس لئے (سب معاملات میں) اسی کو وکیل بناؤ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَمَرْتَہٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جن کو آپ نے حکم فرمایا

یٰۤاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ ۙ قُمْ فَاَنْذِرْ ۙ وَرَبَّکَ فَکَبِّرْ ۙ وَثِیَابَکَ

اے کپڑا اوڑھنے والے! اٹھو اور لوگوں کو عذاب سے ڈراؤ اور اپنے رب کی بڑائیاں بیان کرو

فَطَھِّرْ ۙ وَالرُّجْزَ فَاھْجُرْ ۙ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَکْثِرُ ۙ وَلِرَبِّکَ

اور اپنے کپڑوں (دل) کو پاک رکھو اور نجاست سے الگ رہو۔ اور کسی کے ساتھ احسان منکر زیادہ

فَاصْبِرْ ؕ (۲۹ : ۱۵)

(بدلہ) لینے کیلئے، اور اپنے رب کی رضا جوئی کیلئے صبر کرو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَمَرْتَہٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جن کو آپ نے حکم فرمایا

وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِھَا

اپنے رب کی حمد کے ساتھ پاکی بیان کرو سورج نکلنے سے پہلے اور اسکے ڈوبنے سے پہلے

وَمِنْ اٰنَآئِ الَّیْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّھَارِ لَعَلَّکَ

اور رات کے اوقات میں اور دن کی حدوں میں پاکی بیان کرو (یعنی جملہ نمازیں پڑھو) تاکہ (اسکا

تَرْضٰی ۝ (۱۶ : ۱۷)

صلہ پا کر تم خوش ہو جاؤ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَمَرْتَہٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جن کو آپ نے حکم فرمایا۔

اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ

(اے محمدؐ) سورج ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک (یعنی ظہر عصر مغرب عشا کی) نمازیں

الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ○ وَمِنَ الَّيْلِ

پڑھا کرو اور نماز فجر بھی۔ کیونکہ فجر کی نماز میں (خاص) حضور رہتا ہے اور رات کے ایک

فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا

حصہ میں قرآن کے ساتھ تہجد پڑھا کرو۔ یہ تمہارے لئے نفل (زائد ہے) قریب ہے کہ تمہارا رب تم کو مقام

مَّحْمُوْدًا ○ (۹ : ۱۵)

محمود پر فائز کرے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىٓ اَنْزَلْتَ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن پر آپ نے نازل

عَلَيْهِ۔ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ

فرمایا۔ تم اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ رہنے پر مجبور رکھو جو صبح شام اپنے رب کو یاد کرتے

وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ

ہیں اور وجہ اللہ (اللہ کے چہرے) کے طلبگار ہیں اور تمہاری آنکھیں ان سے ہٹنے نہ پائیں کہ تم دنیا

زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا

کی زندگی کے ساز و سامان کا خیال کرنے اور اسکا کہنا نہ ماننا جسکا دل ہم نے اپنی یاد سے غافل کر دیا ہے

وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ○ (۱۵ : ۱۶)

اور وہ اپنی نفسانی خواہش کے پیچھے پڑا ہے اور بے اعتدالی اس کا مقام ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّ

یا اللہ ہمارے سردار محمدؐ پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل اولاد پر درود

صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ

بھیجے۔ ایسا درود جسکی برکت سے آپ ہم کو جملہ پریشانیوں اور آفتوں سے نجات دیں

وَتَقْضِىْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ

اور آپ ہماری جملہ حاجتیں برلائیں اور ہم کو تمام برائیوں سے پاک

السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا

کردیں اور جسکی برکت سے ہمکو اپنی بارگاہ میں آپ اعلیٰ درجے عطا فرمائیں اور

بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيٰوةِ

اور آخرت کی سب بھلائیوں میں آپ ہم کو مرادوں کی انتہا تک

وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ

پہنچا دیں کہ بیشک آپ ہر چیز پر قدرت کاملہ رکھتے ہیں۔

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَ

پاک ذات ہے تمہارے رب کی جو عزت والا ہے اور ان باتوں سے پاک ہے جو یہ بیان کرتے ہیں

سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۹۱۵

سلام ہے پیغمبروں پر اور سب خوبیاں اللہ ہی کیلئے ہیں جو سارے جہان کا رب ہے۔

اَلْحِزْبُ الثَّانِیْ

حزب دوم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور بے انتہا رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ نَوَیْتُ بِصَلَاتِیْ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

یا اللہ! میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کی نیت کی ہے

وَسَلَّمَ اِمْتِثَالًا لِاَمْرِکَ وَتَعْظِیْمًا لِنَبِیِّکَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

آپ کے حکم کی تعمیل میں اور آپ کے نبی ہمارے سردار محمد صلی اللہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَتَقَبَّلْهَا مِنِّیْ بِفَضْلِکَ وَاِحْسَانِکَ

علیہ وسلم کی تعظیم کی غرض سے۔ آپ اپنے فضل و احسان سے اس درود کو میری طرف سے

وَاَزِلْ حِجَابَ الْغَفْلَةِ عَنْ قَلْبِیْ۔ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِکَ

قبول فرمائیے۔ اور میرے دل سے غفلت کا پردہ اٹھا دیجئے اور مجھے اپنے نیک بندوں کے زمرہ

الصّٰلِحِیْنَ ○

میں شامل کر دیجئے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ

یا اللہ! ہمارے سردار محمد اور انکی آل اولاد اور اصحاب پر رحمت بھیجئے اتنی تعداد میں جس علم الٰہی میں ہے

صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

ایسی رحمت جس کا سلسلہ دواماً اللہ تعالیٰ کی بادشاہت کی ہمیشگی کے ساتھ جاری رہے اور سلام بھی بھیجئے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ قُلْتَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کی شان میں آپ نے فرمایا

فِيْهِ۔ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ

محمدؐ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن (وہ) اللہ کے رسولؐ ہیں

اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝ (۲۲ : ۲)

اور اُن پر نبیوں کا سلسلہ ختم ہوتا ہے۔ اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن پر آپ نے نازل فرمایا

عَلَيْهِ۔ هُوَ الَّذِيْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِيْنِ الْحَقِّ

وہی ہے جس نے اپنے رسول (محمدؐ) کو ہدایت اور سچے دین (اسلام) کیساتھ بھیجا تاکہ اس کو

لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ (۱۰ : ۱۱)

تمام مذاہب پر غالب کرے گو مشرک کیسے ہی ناخوش ہوں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا

وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ

نہیں بھیجا ہم نے تمکو مگر سب لوگوں کے واسطے (ایمان کے مقابلہ کی) خوش خبری دینے والا اور

أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ (۹ : ۲۲)

(کفر کے مقامات سے ڈرانے والا) لیکن اکثر لوگ نہیں سمجھتے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قُلْتَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کی شان میں آپ نے

فِيْهِ - قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۝ يَّهْدِيْ

فرمایا ہے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور (محمدؐ) آیا ہے اور بیان کرنیوالی کتاب (قرآن)

بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ

بھی، جس کے ذریعے اللہ ان لوگوں کو سلامتی کے راستے دکھاتا ہے جو اس کی رضا کی پیروی کریں

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ

اور ان کو اپنے حکم سے (کفر کی) تاریکیوں سے نکالکر (ایمان کے) نور کی طرف لاتا ہے اور ان کو سیدھی راہ

مُّسْتَقِيْمٍ ۝ (۶ : ۷)

چلاتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ قُلْتَ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کی شان میں آپ نے

فِيْهِ - يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ

فرمایا - اے لوگو! تمہارے پاس یہ رسول (محمدؐ) تمہارے رب کے پاس سے (دین) حق لیکر آئے ہیں۔

فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

پس مانو کہ تمہارا بھلا ہو۔ اور اگر نہ مانوگے تو اللہ (بے نیاز ہے اُسی) کا ہے جو کچھ آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ٥ (۶:۳۱)

اور زمین میں ہے۔ اللہ سب خبر رکھتا ہے حکمت والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قُلْتَ لَ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن سے آپ نے فرمایا۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا نِ الَّذِىْ

کہو اے لوگو! میں تم سب کی طرف اسی اللہ کا بھیجا ہوا ہوں جس کی بادشاہی ہے آسمانوں

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْىٖ وَ

اور زمین میں۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہی جلاتا ہے اور وہی مارتا ہے

يُمِيْتُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِىِّ الْاُمِّىِّ الَّذِىْ يُؤْمِنُ

اس لئے تم اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول نبی اُمّی (ان پڑھ) پر بھی جو خود ایمان

بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ٥ (۹:۱۰)

رکھتا ہے اللہ پر اور اس کی باتوں پر اور اس نبی کی پیروی کرو تاکہ تم راہ راست پر آجاؤ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قُلْتَ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن سے آپ نے فرمایا کہو

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنِ اهْتَدٰى

اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کے پاس سے حق آچکا۔ اب جو کوئی راہ راست پر آجائے

فَاِنَّمَا يَهْتَدِىْ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا

وہ اپنے نفس کے لئے راہ راست پر آئے گا۔ اور جو بھٹکے وہ بھٹک کر کچھ اپنا ہی نقصان کرے گا

وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۝ (۱۰۶ : ۱۱)

اور میں تم پر مختار نہیں ہوں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا۔

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ

کہو اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو۔ پھر اگر تم اس کے حکم سے روگردانی کروگے تو سمجھ لو کہ

مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ۭ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ۭ

رسول کے ذمہ تبلیغ رسالت کی ذمہ داری ہے۔ اور تمہارے ذمہ اطاعت کی ذمہ داری ہے اگر تم

وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝ (۲۴ : ۱۸)

اس کا کہا مانوگے تو راہ پر جا لگوگے۔ اور رسول کا فرض تو صرف صاف طور پر پہنچا دینا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ جَعَلْتَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کی اطاعت کو آپ نے اپنی

طَاعَتَهٗ طَاعَتَكَ فَقُلْتَ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ

اطاعت قرار دیا۔ چنانچہ آپ نے فرمایا۔ جس نے رسول کا حکم مانا اس نے اللہ ہی کا حکم مانا۔ اور جو

اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۝ (۴ : ۱۵)

اس سے روگردانی کرے تو (رسول سے باز پرس نہیں کیونکہ) ہم نے تم کو ان پر نگراں بنا کر نہیں بھیجا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا۔

قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِ

(اے محمدؐ) کہدو۔ میں اس (تبلیغ رسالت) پر کوئی بدلہ نہیں مانگتا، مگر البتہ (میری مانگ یہ ہے)

اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ (۳: ۱۹)

چاہے اپنے رب تک پہنچنے کا راستہ اختیار کرے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قُلْتَ

یا اللہ رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا۔ (اے محمدؐ)

قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا عَ

کہہ دیں نے تم سے جو بدلہ مانگا ہے وہ تمہارے ہی کام آنے کے لئے ہے میرا اجر تو اللہ ہی

اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ شَهِيْدًا ۝ (۱۲: ۲۲)

اور ہر چیز اس کے سامنے ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قُلْ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کی شان میں آپ نے ف

فِيْهِ ـ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِ

لوگو! تمہارے پاس تم ہی میں کے ایک رسول (محمدؐ) آئے ہیں جن پر تمہاری تکلیف شاق گذرتی

حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ (۵

وہ تمہاری بھلائی کے بڑے خواہشمند ہیں اور ایمان والوں کے حق میں بڑے ہی شفیق اور رحمت خاص

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قُلْتَ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کی شان میں آپ نے فرمایا۔

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ

یہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ تمہارا طریق ان کے ساتھ نرمی کا ہے۔ اگر (خدانخواستہ) تم سخت مزاج اور سنگدل

لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ

ہوتے تو یہ سب آپ کے گرد و پیش سے بھاگ جاتے۔ تم ان کے قصور معاف کرد' ان کے گناہوں کی مغفرت

فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

چاہو اور معاملات میں ان سے مشورہ کرو۔ مشورہ کے بعد جب تم ٹھان لو' تو اللہ ہی کی مدد پر بھروسہ کرو۔

يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ۝ (۳ : ۸)

بیشک اللہ توکل کرنے والوں سے محبت فرماتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن پر آپ نے نازل فرمایا۔

عَلَيْهِ۔ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ

اے ایمان والو! تم اللہ اور رسول کا حکم مانو جب وہ تم کو ایسے کام پر بلائے جس میں تمہاری

اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا يُحْيِيْكُمْ ۚ (۱۷ : ۱۹)

زندگی ہے (یعنی دعوت حیات دے)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ قُلْتَ لَهٗ۔

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ

بیشک جو لوگ آپ (محمدؐ) سے بیعت کر رہے ہیں وہ اللہ ہی سے بیعت کر رہے ہیں۔

اَیْدِیْهِمْ ۚ (۴۸: ۱۰)

اللہ ہی کا ہاتھ ہے ان کے ہاتھوں پر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹰالَّذِیْ قُلْتَ فِی

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کی شان میں آپ نے فرمایا۔ رسول

وَمَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ ۚ وَمَا نَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا ۚ

تم کو جو چیز دے اُسے لے لو اور جس سے منع کرے اس سے باز رہو۔ اور اللہ (کے عذاب

وَاتَّقُوا اللّٰہَ ۭ اِنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ ۝ (۵۹: ۷)

سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ کی مار بہت سخت ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹰالَّذِیْ قُلْتَ فِیْ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کی شان میں آپ نے فرمایا۔

وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰہِ لَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝ (۹: ۶۱)

جو لوگ رسول اللہ کو ایذائیں پہنچاتے ہیں ان کیلئے (قیامت میں) دردناک عذاب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ﹰالَّذِیْ قُلْتَ فِیْ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کی شان میں آپ نے فرمایا۔

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَیْنَکُمْ کَدُعَآءِ بَعْضِکُمْ بَعْضًا ۭ قَدْ

(مسلمانو) جب رسولؐ تم میں سے کسی کو بلائے تو اس کے بلانے کو ایسا معمولی نہ سمجھو جیسا تم میں سے

یَعْلَمُ اللّٰہُ الَّذِیْنَ یَتَسَلَّلُوْنَ مِنْکُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْیَحْذَرِ الَّذِیْ

دوسرے کو بلا لیتا ہے بیشک اللہ ان لوگوں کو بخوبی جانتا ہے جو نظر بچا کر (مجلس نبویؐ سے) کھسک جاتے ہیں پس جو لوگ رسولؐ کے حکم

يُخَالِفُونَ عَنْ اَمْرِهٖۤ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ

مخالفت کرتے ہیں انکو اس (بات) سے ڈرنا چاہیئے کہ ان پر (دنیا میں) کوئی آزمائش نہ آپڑے اور (آخرت میں)

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ (۱۸ : ۱۵)

دردناک عذاب نہ آجائے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قُلْتَ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن کی شان میں آپ نے فرمایا۔ اے

فِيْهِ۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ

ایمان والو! اپنی آوازوں کو نبی کی آواز سے اونچا نہ ہونے دو۔ اور نہ ان سے بہت زور سے

صَوْتِ النَّبِىِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ

(کھل کر) بات کرو جیسے تم آپس میں ایک دوسرے سے زور زور سے بولا کرتے ہو (کہیں ایسا نہ ہو)

لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۝ (۲۶ : ۱۳)

کہ تمہارا کیا کرایا اکارت ہو جائے اور تم کو خبر بھی نہ ہو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قُلْتَ فِيْهِ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن کی شان میں آپ نے فرمایا۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ

جو لوگ رسول اللہ کے پاس دبی آواز سے بولتے ہیں یہ وہ لوگ ہیں جن کے قلوب کو اللہ نے تقویٰ

الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ (۲۶ : ۱۴)

کی کسوٹی پر پورا اتار دیا۔ ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِىْٓ اَنْزَلْتَ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن پر آپ نے نازل فرمایا۔

عَلَيْهِ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ کہ اللہ اپنی رحمت

يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ

میں سے تمہیں دوہرا ثواب دے گا اور تم کو ایسا نور عنایت کرے گا کہ اس کی روشنی میں چلتے پھرتے رہوگے

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (۲۰ : ۲۷)

اور تمہارے گناہ معاف کریگا۔ اللہ بہت بخشنے والا بے انتہا مہربان ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِىْ قُلْتَ فِيْهِ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن کی شان میں آپ نے فرمایا۔

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ

بیشک تمہارے واسطے رسول اللہ صلعم کی ذات میں (پیروی کا) ایک عمدہ نمونہ موجود ہے ایسے شخص

يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ۝ (۱۸ : ۲۱)

کے لئے جو امید رکھتا ہے اللہ کی اور روز آخرت کی۔ اور کثرت سے ذکرِ الٰہی کرتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن کی شان میں آپ نے فرمایا۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ

اے محمد! لوگوں سے کہدو۔ اگر تم اللہ سے محبت کرنا چاہتے ہو تو میری اتباع کرو۔ اللہ تم کو محبوب بنا لیگا اور تمہارے گناہ

ذُنُوْبَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (۳: ۱۱)

کو معاف کر دے گا۔ اللہ بڑا بخشنے والا بے انتہا رحم والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ شَرَّفْتَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیج ہمارے سردار محمدؐ پر جن کو آپ نے اپنی خوشخبری سے سرفراز

بِبِشَارَتِكَ - قُلْ يٰعِبَادِىَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ

فرمایا ہے۔ (اے محمدؐ! ان لوگوں سے) کہدو۔ اے میرے بندو جنہوں نے (گناہ کرکے) اپنے اوپر زیادتیاں

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ

کی ہیں، اللہ کی رحمت سے ناامید مت ہو کیونکہ اللہ تمام گناہوں کو معاف فرماتا ہے۔

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ (۳: ۲۴)

اور بے شک وہی ہے معاف کرنے والا اور بے انتہا رحم والا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ جَعَلْتَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیج ہمارے سردار محمدؐ پر جن کی امت کو دیگر امتوں کے بیچ کا

اُمَّتَهٗ وَاسِطَةَ عِقْدِ الْاُمَمِ فَضْلًا لَّهُمْ - وَكَذٰلِكَ

نگینہ بنایا اور اس کے حق میں فرمایا اسی طرح ہم نے تم (مسلمانوں) کو ایک اعتدال والی بہترین امت

جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ

بنایا ہے جو واسطہ ہے اللہ کے رسول اور تمام انسانوں کے درمیان تاکہ تم لوگوں پر سند اور گواہ ہو

وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ۭ (۲: ۱)

اور رسول تم پر گواہ رہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَنْزَلْتَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن پر آپ نے نازل فرمایا۔

عَلَیْہِ۔ وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا

جو شخص اللہ کا اور اس کے رسول (محمدؐ) کا کہا مانے گا بے شک وہ بڑی کامیابی حاصل

عَظِیْمًا ۝ (۳۳:۱۶)

کرے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر اور ان کی آل اولاد اور اصحاب پر

اَصْحَابِہِ الَّذِیْنَ قُلْتَ فِیْھِمْ۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۚ وَالَّذِیْنَ

جن کی شان میں آپ نے فرمایا۔ محمد اللہ کے پیغمبر اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں کافروں کے

مَعَہٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ تَرٰھُمْ رُکَّعًا

حق میں بہت سخت ہیں مگر آپس میں بہت رحمدل۔ تم ان کو دیکھتے ہو کہ کبھی رکوع کر رہے ہیں کبھی

سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰہِ وَرِضْوَانًا ۡ سِیْمَاھُمْ فِیْ

سجدے کر رہے ہیں اور اللہ کے فضل اور رضامندی کی جستجو میں لگے ہوئے ہیں۔ سجدوں کے اثر سے

وُجُوْھِھِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِکَ مَثَلُھُمْ فِی التَّوْرٰىۃِ ۚۖۛ وَ

ان کے چہروں پر نشانیاں ظاہر ہیں۔ یہ ان کی صفت ہے کہ توریت میں بیان کی گئی ہے اور ان کی صفت

مَثَلُھُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ۚ۟ کَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔہٗ فَاٰزَرَہٗ فَاسْتَغْلَظَ

انجیل میں بھی ہے (وہ روز بروز اس طرح ترقی کرتے جائیں گے) جیسے کھیتی کہ اس نے اپنی سوئی نکالی پھر اس نے اسکو

فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ

قوی کیا پس وہ اور موٹی ہوئی۔ پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہو گئی کہ اپنی (سرسبزی) کسانوں کو بھلی معلوم ہونے

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً

لگے تاکہ (ان مسلمانوں کی ترقی سے) کافروں کو جلائے۔ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں سے جو ایمان لائے ہیں اور نیک

وَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ (۲۶ : ۱۲)

کام کئے ہیں بخشش اور اجر عظیم کا وعدہ کر رکھا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ شَرَّفْتَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن کو اور جنکی امت کو آپ نے اپنے

وَ اُمَّتَهٗ بِقَوْلِكَ يَوْمَ لَا يُخْزِى اللّٰهُ النَّبِىَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

(اس) فرمان سے شرف بخشا۔ اسدن جبکہ رسوا نہ کریگا اللہ اپنے نبی کو اور ان لوگوں کو جو آپکے ساتھ

مَعَهٗ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ

ایمان لائے ہیں۔ ان کا نور (ایمان) ان کے آگے آگے اور ان کے داہنی طرف (ان کے ساتھ ساتھ) چلتا

رَبَّنَا اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ

رہے گا اور وہ دعا کریں گے۔ اے ہمارے رب! ہمارے نور کو پورا کیجئے اور ہماری مغفرت فرما دیجئے کہ

شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝ (۲۸ : ۳۰)

بیشک آپ ہر چیز پر قدرت کاملہ رکھتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اَقْسَمْتَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن کی رسالت کی آپ نے قسم کھائی ہے۔

بِرِسَالَتِهٖ فَقُلْتَ. يٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ اِنَّكَ لَمِنَ

اور فرمایا ہے ۔ یٰس ۔ قرآن کی قسم جس میں حکمت اور دانائی کی باتیں ہیں ۔ بے شک منجملہ اور

الْمُرْسَلِيْنَ ۙ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ؕ (۲۳:۱۸)

پیغمبروں کے تم بھی (پیغمبر) ہو سیدھی راہ پر ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِۨالَّذِيْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا ۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ (۱۷:۷)

(اے محمدؐ) ہم نے تو تم کو جملہ عالموں کے لئے رحمت (بناکر) بھیجا ہے ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِۨالَّذِيْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن سے آپ نے فرمایا

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ فِيْهِمْ ۔ (۹:۱۸)

(اے محمدؐ) اللہ تعالےٰ ان پر ہرگز عذاب نہ کریگا جبتک تم ان میں موجود ہو ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِۨالَّذِيْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا ۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

اے نبی! ہم نے تمکو (ہر چیز پر) گواہی دینے والا اور نیکوں کو خوشخبری دینے والا اور (بدوں کو) غضب

وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۝ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ

الٰہی سے ڈرانے والا اور اللہ کے حکم سے اس کی طرف (لوگوں کو) بلانے والا اور (ہدایت کا) روشن چراغ بناکر

بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ۝ (۳۳ : ۴۷)

بھیجا ہے۔ اور ایمان والوں کو اس بات کی خبر سنا دو کہ اللہ کا ان پر بڑا فضل ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن سے آپ نے فرمایا۔ نٓ (اے پیغمبر)

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ۝

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ وہ لکھتے ہیں۔ تم اپنے پروردگار کے فضل سے ہرگز دیوانے نہیں ہو۔ بلاشبہ

وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۝ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝ (۶۸ : ۱-۴)

تمہارے لئے (اس تبلیغ کا) ایسا اجر ہے جو کبھی ختم ہونے والا نہیں اور بیشک آپ اخلاق حسنہ کے بہت بڑے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

مقام پر ہیں۔ یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن سے آپ نے فرمایا۔ جب تم

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ج (۸ : ۱۷)

نے خاک کی مٹھی پھینکی تھی تو تم نے نہیں پھینکی تھی بلکہ اللہ تعالیٰ نے پھینکی تھی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن سے آپ نے فرمایا۔

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِىْٓ

کیا ہم نے تمہارا سینہ (علم و حلم سے) کشادہ نہیں کیا (یعنی تبلیغ جیسے بڑے کام کا حوصلہ دیا) اور ہم نے

اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ

آپ سے وہ بوجھ اتار دیا جسنے آپکی کمر توڑ رکھی تھی۔ اور ہم نے تمہارا ذکر (خیر) کو (جملہ عوالم میں) بلند کیا۔ بیشک مشکل کے ساتھ

يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ لا

آسانی ہے۔ بیشک مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ پس جب تم (تبلیغ کے کاموں) فارغ ہو جاؤ تو (خاص عبادت میں)

وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝ (۳۰:۱۹)

محنت کرو اور اپنے رب کی طرف (خلوت میں متوجہ ہو جاؤ)۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ قُلْتَ لَهٗ۔

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجے ہمارے سردار محمدؐ پر جن سے آپ نے فرمایا۔

وَالضُّحٰى ۝ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۝

قسم ہے دن چڑھے کی۔ اور رات کی قسم جب چھا جائے۔ تمہارے رب نے تمکو چھوڑ نہیں دیا اور نہ ناخوش ہو

وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۝ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ

اور البتہ (پھر) بعد کی آنے والی حالت تمہارے لئے پہلی حالت سے بہتر ہے۔ عنقریب تمہارا رب تمکو اتنا زیادہ دیگا کہ تم اس پر

فَتَرْضٰى ۝ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا

راضی و خوش ہو جاؤ گے۔ کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ تم کو (اللہ نے) یتیم پایا تو جگہ دی۔ اور پایا تم کو راہ بھولا ہوا تو اسکا

فَهَدٰى ۝ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ

کی سیدھی راہ دکھائی۔ اور تم کو فقیر پایا تو غنی کر دیا۔ پس جو یتیم ہو اس کو نہ دباؤ۔

فَلَا تَقْهَرْ ۝ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ

اور سائل کو نہ جھڑکو۔ اور جو احسان ہے تمہارے رب

فَحَدِّثْ ۝ (۳۰:۱۸)

کا سو بیان کرو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن سے آپ نے فرمایا۔

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۙ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ

(اے محمد) ہم نے تم کو کھلم کھلا فتح دی۔ تاکہ اللہ تمہارے اگلے پچھلے گناہ معاف کردے اور

ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا

تم پر اپنی نعمت تمام کردے۔ اور تمہیں سیدھی راہ پر چلائے

مُّسْتَقِيْمًا ۙ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝ (۲۶ : ۹)

اور تم کو ایسی مدد دے جس میں عزت اور غلبہ ہو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قُلْتَ لَهٗ

یا اللہ رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن سے آپ نے فرمایا۔

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ

(اے محمد) ہم نے تم کو کوثر (یعنی خیر کثیر) عطا کیا ہے (اسکے شکرانے میں) اپنے رب کے سامنے نماز پڑھو اور

شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝ (۳۰ : ۱۳۳)

قربانی دو۔ بیشک تمہارا دشمن ہی ابتر ہوگا (جس کا ذکر خیر باقی نہ رہیگا)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ قُلْتَ فِيْهِ

یا اللہ رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جن کی شان میں آپ نے فرمایا۔

سُبْحٰنَ الَّذِىْٓ اَسْرٰى بِعَبْدِهٖ لَيْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

پاک ہے (اللہ) جو اپنے بندے (محمدؐ) کو راتوں رات مسجد حرام (خانہ کعبہ) سے

إِلَى الْمَسْجِدِ الْأَقْصَى الَّذِي بَارَكْنَا حَوْلَهُ لِنُرِيَهُ مِنْ

مسجد اقصیٰ (بیت المقدس) تک لے گیا جس کے گرداگرد ہم نے برکتیں دے رکھی ہیں مقصد یہ تھا کہ ہم

آيَاتِنَا ۚ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ ۝ (۱۷ : ۱)

اسکو اپنی نشانیاں دکھائیں۔ دراصل وہی سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِي أَنْزَلْتَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جن پر آپ نے نازل فرمایا۔

عَلَيْهِ - وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَىٰ ۝ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَ

قسم ہے تارے کی جب وہ طلوع و غروب ہو (قانونِ فطرت کے مطابق) تمہارے صاحب (محمدؐ) نہ تو بہکے اور

مَا غَوَىٰ ۝ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ

نہ بہکے۔ وہ اپنی ذاتی خواہش سے نہیں بولتے انکا ارشاد نری وحی ہی جو انہیں بھیجی

يُوحَىٰ ۝ عَلَّمَهُ شَدِيدُ الْقُوَىٰ ۝ ذُو مِرَّةٍ ۖ فَاسْتَوَىٰ ۝ وَ

جاتی ہے۔ انکو سخت قوتوں والے نے سکھایا جو حسن و جمال والا ہے۔ پس وہ چھا گیا۔ جبکہ وہ

هُوَ بِالْأُفُقِ الْأَعْلَىٰ ۝ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلَّىٰ ۝ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ

آسمان کے بلند کنارے پر تھا۔ پس وہ نزدیک ہوا اور اتر آیا۔ پھر اتنا قریب ہوا کہ دو کمانوں کا فرق

أَوْ أَدْنَىٰ ۝ فَأَوْحَىٰ إِلَىٰ عَبْدِهِ مَا أَوْحَىٰ ۝ مَا كَذَبَ

گیا بلکہ اس سے بھی قریب۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے پر وحی نازل فرمائی جو نازل فرمانی تھی۔ جو کچھ کہ انہوں نے

الْفُؤَادُ مَا رَأَىٰ ۝ أَفَتُمَارُونَهُ عَلَىٰ مَا يَرَىٰ ۝ وَلَقَدْ رَآهُ

دیکھا تھا اس میں انکے دل نے جھوٹ نہیں ملایا۔ کیا تم اُنسے دیکھی ہوئی چیز میں جھگڑتے ہو حالانکہ تحقیق

نَزْلَةً اُخْرٰى ۙ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝ عِنْدَهَا جَنَّةُ

اُنہوں نے اسکو اور ایک بار دیکھا ہے سدرۃ المنتہیٰ کے پاس جس کے پاس آرام کی

الْمَاْوٰى ۙ اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۙ مَا زَاغَ الْبَصَرُ

بہشت ہے جبکہ اس سدرہ (بیری) پر چھا رہا تھا۔ جو چھا رہا تھا پھر بھی نگاہ نہ بہکی

وَمَا طَغٰى ۝ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ۝ (۵ : ۲۷)

نہ اچٹی۔ بیشک انھوں نے اپنے پروردگار کی قدرت کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

یا اللہ ہمارے سردار محمدؐ پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل اولاد پر

صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَ

درود بھیجیے۔ ایسا درود جس کے ذریعہ آپ ہم کو جملہ پریشانیوں اور آفتوں سے نجات دیں

تَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ ؕ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ

جس کے ذریعہ آپ ہماری حاجتیں پوری فرمائیں اور ہم کو تمام برائیوں سے

السَّيِّئَاتِ ؕ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجٰتِ ؕ وَتُبَلِّغُنَا

پاک کر دیں اور جس کے ذریعہ آپ ہمکو اپنی بارگاہ میں اعلیٰ درجے عطا فرمائیں اور جس کے ذریعہ

بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ ؕ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ ؕ فِى الْحَيٰوةِ

دنیا اور آخرت کی سب بھلائیوں میں آپ ہم کو مرادوں کی انتہا تک پہنچا دیں کہ بے شک

وَبَعْدَ الْمَمَاتِ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ؕ

آپ ہر چیز پر قدرت کاملہ رکھتے ہیں۔

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝ وَسَلٰ

پاک ذات ہے تمھارے رب کی جو عزت والا ہے اور ان باتوں سے پاک ہے جو بیان کرتے ہ

عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ (۱۹: ۳

اور سلام ہے پیغمبروں پر اور سب خوبیاں اللہ ہی کے لئے ہیں جو سارے جہان کا رب

اَلْحِزْبُ الثَّالِثُ

حزب سوم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور بے انتہا رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ نَوَيْتُ بِصَلٰوتِيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اے اللہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کی نیت کی ہے

وَسَلَّمَ اِمْتِثَالًا لِّاَمْرِكَ وَتَعْظِيْمًا لِّنَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى

آپ کے حکم کی تعمیل میں اور آپ کے نبی ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ۔ وَ

کی غرض سے۔ آپ اپنے فضل و احسان سے اس درود کو میری طرف سے قبول فرمائیے اور

اَزِلْ حِجَابَ الْغَفْلَةِ عَنْ قَلْبِيْ۔ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ

میرے دل سے غفلت کا پردہ اٹھا دیجئے اور مجھے اپنے نیک بندوں کے زمرہ میں شامل کر دیجئے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ صَلٰوةً

یا اللہ ہمارے سردار محمد اور انکی آل اولاد اور صحابہ پر رحمت بھیجئے اتنی تعداد میں جو علم الٰہی میں ہو

دَائِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

ایسی رحمت جس کا سلسلہ دوام اللہ تعالیٰ کی بادشاہت کی ہمیشگی کیساتھ جاری رہے اور سلام بھی بھیجئے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جو ایمان والوں کیلئے بشیر (خوشخبری دینے والے) اور مبش

لِلْمُؤْمِنِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ بِاَنَّ لَھُ

بہت خوشخبری دینے والے) ہیں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ ایمان والوں کو خوشخبری سناؤ کہ ان کے

مِّنَ اللّٰہِ فَضْلًا کَبِیْرًا ۝ (۳۳:۴۷) وَاللّٰہُ ذُوْ فَضْلٍ عَ

اللہ کا بڑا فضل ہے۔ ایمان والوں پر اللہ بڑا فضل

الْمُؤْمِنِیْنَ ۝ (۳:۱۵۲)

کرتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جو مسلمانوں کے لیے بشیر و مبشر ہیں

لِلْمُسْلِمِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ وَجَاھِدُوْا فِی اللّٰہِ حَقَّ جِھَ

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ اللہ کے واسطے کوشش و محنت کیا کرو جیسا کہ اس کی کوشش کرن

ھُوَ اجْتَبٰکُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَیْکُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ ط مِلَّۃَ اَبِیْ

اسی نے تم کو اور امتوں سے ممتاز فرمایا اور دین اسلام میں تمہارے لئے کوئی تنگی نہیں کی (تمہارے لئے دی)

اِبْرٰھِیْمَ ط ھُوَ سَمّٰکُمُ الْمُسْلِمِیْنَ ۝لا مِنْ قَبْلُ وَفِیْ ھٰذَا لِیَکُو

(تجویز کیا) جو تمہارے باپ براہیم کا تھا۔ اسی (اللہ) نے (اگلی کتابوں میں) پہلے سے تمہارا نام (فرمانبردار) م

الرَّسُوْلُ شَھِیْدًا عَلَیْکُمْ وَتَکُوْنُوْا شُھَدَآءَ عَلَی النَّاسِ

(اور اس (قرآن) میں بھی تاکہ (تمہارے معتبر ہونیکے) رسول اللہ گواہ ہوں اور تم (دوسرے) لوگوں کے مقابلہ میں گو

فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ (۲۲:۷۸)

سو تم (خصوصیت کے ساتھ) نماز کی پابندی رکھو اور زکوٰۃ دیتے رہو اور اللہ ہی کو مضبوط پکڑے رہو۔ وہی تمہارا دوست ہے۔ سو کیا ہی اچھا دوست ہے اور کیا ہی اچھا مددگار۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِاُمَّتِهٖ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ۔ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ (۳:۱۱۰)

یا اللہ رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جو اپنی امت کیلئے بشیر و مبشر ہیں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ تم امتوں سے بہتر امت ہو جو لوگوں (کی رہنمائی) کے لئے پیدا کی گئی ہے۔ تم بھلائی کا حکم کرتے ہو اور بُرائی سے منع کرتے ہو اور اللہ ہی پر ایمان رکھتے ہو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلدَّاعِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ۔ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جو داعیوں کے لئے بشیر و مبشر ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ تم میں ایک ایسی جماعت ہونی چاہیے جو (لوگوں) کو خیر کی طرف بلائے اور بھلائی کا حکم کرے اور برائی سے منع کرے۔

وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ (۳:۱۰۴)

اور ایسے ہی لوگ پوری کامیابی حاصل کرینگے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جو شاہدین رحیم دید گواہوں کیلئے بشیر و

لِلشّٰهِدِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ۔ وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ

ہیں اللہ تعالےٰ کے اس ارشاد کی رو سے جب وہ سنتے ہیں اسے جو رسول پر اترا ہے تو تم

اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ

دیکھتے ہو کہ انکی آنکھیں آنسوؤں سے ابلتی ہیں اس سبب سے کہ انہوں نے حق کو پہچان لیا

الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ (۵:۸۳) رَبَّنَا

کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے پس آپ ہم کو تصدیق کرنیوالوں میں درج فرمائیے۔ اے ہمارے رب! ہم

اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ (۳:۵۳)

(قرآن) پر ایمان لائے جو آپنے اتارا اور آپکے رسول کی پیروی کی۔ پس ہم کو گواہوں میں درج فرمائیے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جو اطاعت کرنیوالوں کے لئے بشیر و مبشر

لِلْمُطِيْعِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ۔ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْ

ہیں اللہ تعالےٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی فرماں برداری کر

فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ

پس یہ لوگ ان حضرات کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے فضل و انعام کیا پیغمبروں

وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِينَ ۚ وَحَسُنَ أُولٰٓئِكَ

صدیقوں، شہیدوں اور صالحین میں سے۔ اور وہ بہترین رفیق

رَفِيقًا ۞ ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ۚ وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيمًا ۞ (۶ : ۵)

ہیں۔ یہ فضل اللہ کی طرف سے ہے۔ اور اللہ بس ہے جاننے والا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نِ الْبَشِيرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو مجاہدین کے لئے بشیر و مبشر

لِلْمُجٰهِدِينَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔ لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُونَ

ہیں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ مسلمانوں میں سے (جہاد سے) بیٹھ رہنے والے

مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُونَ فِي سَبِيلِ

بلا کسی عذر کے اُن لوگوں کے برابر نہیں ہو سکتے جو اپنے مال اور جان سے اللہ کی راہ میں جہاد

اللّٰهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ ۚ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِينَ بِأَمْوَالِهِمْ

کر رہے ہیں۔ اللہ نے مال اور جان سے جہاد کرنے والوں کو بیٹھے رہنے

وَأَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِينَ دَرَجَةً ۚ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى

دین کی خدمت کرتے رہنے والوں پر درجے کے اعتبار سے فضیلت دی ہے۔ (یوں تو) سب مسلمانوں کو اللہ نے

وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِينَ عَلَى الْقٰعِدِينَ أَجْرًا عَظِيمًا ۞

وعدہ نیک دکھا رکھا ہے اور اللہ نے ثواب عظیم کے اعتبار سے جہاد کرنے والوں کو بیٹھنے والوں پر بڑی فضیلت دی ہے۔

دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ۚ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ۞ (۵ : ۱۰)

یعنی اللہ کی طرف سے بہت درجے ملیں گے اور مغفرت اور رحمت ملے گی۔ اور اللہ بہت بخشنے والا بڑی رحمت والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو مہاجرین (ہجرت کرنیوالوں) اور انصار

لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى. وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

(مہاجرین کی مدد کرنیوالوں) کے لئے بشیر و مبشر ہیں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ جو لوگ ایمان لائے اور

وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا

وطن چھوڑا اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے (مہاجرین کو) اپنے ہاں ٹھیرایا اور مدد کی

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ۭ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۷۴﴾

وہی سچے مسلمان ہیں۔ ان کے لئے بخشش اور معافی ہے اور عزت کی روزی۔

لِلْفُقَرَاۗءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ

اور ان حاجت مند مہاجرین کا بھی (بالخصوص) حق ہے جو اپنے گھروں سے اور مالوں سے

يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۭ

(جبراً) بے وطن کر دیئے گئے ہیں اور جو اللہ کے فضل اور رضامندی کے طالب ہیں اور وہ اللہ اور اسکے

اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ مِنْ

رسول (کے دین) کی مدد کرتے ہیں۔ یہی تو سچے مسلمان ہیں۔ اور اس مال میں ان (انصار) کا بھی حق ہے جو

قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ

مہاجرین کے آنے سے پہلے مدینہ میں رہتے اور اسلام میں داخل ہو چکے ہیں جو انکی طرف ہجرت کرکے آتے ہیں ان سے

حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ

محبت کرتے ہیں اور مہاجرین کو جو کچھ ملتا ہے اس کے متعلق اپنے دل میں کوئی طلب (رشک) نہیں پاتے

خَصَاصَةٌ ۚ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

اور (مہاجرین کو) اپنے اوپر مقدم رکھتے ہیں خواہ انکو کتنی ہی تنگی کیوں نہ ہو اور جو شخص اپنی طبیعت کے بخل

الْمُفْلِحُوْنَ ۚ (۲۸ : ۹)

سے محفوظ رکھا جائے گا ایسے ہی فلاح پانیوالے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جو توکل کرنے والوں کے لئے بشیر و مبشر ہیں

لِلْمُتَوَكِّلِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ جب تم رائے پختہ کر لو تو اللہ ہی پر بھروسہ کرو بیشک

اللّٰهِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ۝ (۳ : ۱۵۹) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ

اللہ تعالیٰ توکل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے (اے محمدؐ) اگر وہ روگردانی کریں تو کہہ دیجئے (میرا

اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ

کیا نقصان ہے) میرے لئے تو اللہ کافی ہے اسکے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کر لیا اور وہی بڑے

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ (۹ : ۱۲۹)

تخت کا مالک ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جو صبر کرنے والوں کے لئے بشیر و مبشر

لِلصّٰبِرِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا

ہیں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ اے ایمان والو صبر اور نماز سے قوت و مدد حاصل

بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ط اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ (۲:۳) اَلَّذِيْنَ اِذَا

کرو۔ بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ یہ لوگ جب ان پر کوئی مصیبت آپڑتی ہے

اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ لا قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝

یوں اٹھتے ہیں کہ ہم اللہ ہی کا مال ہیں (جس حال میں چاہے رکھے) اور ہم اللہ ہی کی طرف رجوع ہونے

اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ قف وَاُولٰٓئِكَ

ان ہی لوگوں پر خاص خاص عنایتیں ان کے رب کی طرف سے ہونگی اور رحمت بھی۔ اور یہی ہیں کہ

هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۝ (۲:۳) وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ۝ (۴:۶)

راہ راست پر ہیں۔ اور اللہ صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جو شہیدوں کے لئے بشیر و مبشر ہیں

لِلشُّهَدَآءِ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِىْ

اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی رو سے کہ۔۔۔ جو اللہ کی راہ میں مارے جائیں ان کی نسبت

سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ط بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ۝ (۲:۳)

یوں بھی مت کہو کہ مر گئے ہیں بلکہ وہ تو ایک ممتاز حیات کیساتھ زندہ ہیں لیکن تم اپنے حواس سے

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ط بَلْ

زندگی کو نہیں سمجھ سکتے۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے ہیں ان کو مردہ مت کہو بلکہ وہ

اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۝ لا فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ

زندہ ہیں اپنے رب کے پاس ان کو رزق دیا جاتا ہے۔ اور وہ خوش ہیں اس سے جو اللہ نے ان کو اپنے

فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ

فضل سے دے رکھا ہے۔ اور جو لوگ ان کے بعد ابھی ان میں آکر شامل نہیں ہوئے ان کی نسبت (یہ

اَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ

خیال کرکے خوشیاں مناتے ہیں کہ ایمان کی نتیجہ ہیں) ان پر بھی کسی قسم کا خوف ہوگا اور نہ غم۔ اور اللہ کی۔

مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (۲:۸)

نعمتوں اور اسکے فضل پر خوشیاں مناتے ہیں اور اس کی بھی کہ اللہ ایمان والوں کا ثواب ضائع نہیں فرماتا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جو پرہیزگاروں کے لئے بشیر و مبشر ہیں۔

لِلْمُتَّقِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔ اَلْبَقَرَة ذٰلِكَ الْكِتٰبُ

الٓمّٓ

اللہ تعالےٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ الٓمّٓ۔ یہ وہ کتاب (فرمان) ہے۔

لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ

جس میں کچھ بھی شک وشبہ نہیں۔ راہ بتاتی ہے اللہ سے ڈرنے والوں کو جو بغیر بن دیکھے یقین

وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ

رکھتے ہیں اور نماز کو قائم کرتے ہیں اور ہم نے جو کچھ انکو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ اور وہ لوگ

يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَ

ایسے ہیں کہ یقین رکھتے ہیں اس (قرآن) پر بھی جو تمہاری طرف اتارا گیا ہے اور ان کتابوں پر بھی جو آپ سے

بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ

پہلے اتاری گئی ہیں اور وہ آخرت پر (بھی) یقین رکھتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے رب کے سیدھے راستہ پر ہیں۔

وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ (۱۰۱) وَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ

اور یہی لوگ ہیں پورے کامیاب۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان لو۔ کہ اللہ پرہیزگاروں

اللّٰہَ مَعَ الْمُتَّقِیْنَ ۝ (۲۰۸)

کے ساتھ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو مخلصین کیلئے بشیر و مبشر ہیں۔

لِلْمُخْلِصِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰہَ

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ ان کو یہی حکم ہوا کہ وہ اللہ ہی کی عبادت کریں اپنی

مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ ۝ (۳۲۷) ھُوَ الْحَیُّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَادْعُوْہُ

عبادت کو اسی کے لئے خالص کرکے۔ وہی زندہ ہے اُسکے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی کو

مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ (۲۴:۱۲)

پکارو (عبادت) کو اس کے لئے خالص کرکے۔ سب خوبیاں اللہ ہی کے لئے ہیں جو سارے جہان کا رب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ

ہے۔ یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو عبادت کرنیوالوں کے لئے بشیر و مبشر

لِلْعٰبِدِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ قُلْ اِنِّیْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰہَ

ہیں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ (اے محمدؐ) کہو مجھے حکم ہوا ہے کہ میں اللہ ہی کا بندہ

مُخْلِصًا لَّہُ الدِّیْنَ ۙ وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَکُوْنَ اَوَّلَ

بن کر رہوں اسی کے لئے عبادت کو خالص کرکے۔ اور مجھے یہ بھی حکم ہوا ہے کہ میں سب سے پہلا

الْمُسْلِمِيْنَ ۝ (۲۳:۱۶) قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ

فرماں بردار بنوں۔ کہو۔ مجھے صرف یہ حکم ہوا ہے کہ میں اللہ ہی کی عبادت کروں اور کسی کو

وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ۭ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ۝ (۱۳:۱۱) فَسَبِّحْ

اس کا شریک نہ ٹھیراؤں۔ میں اسی کی طرف بلاتا ہوں اور اسی کی طرف میرا ٹھکانا ہے۔ سو تم اپنے

بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ۝ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى

رب کی حمد کے ساتھ اس کی پاکی بیان کرو اور اس کی جناب میں) سجدہ کرنیوالوں میں ہو جاؤ اور

يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ۝ (۱۴:۱۶)

اپنے رب کی عبادت میں لگے رہو یہانتک کہ تمہیں یقین (موت) آجائے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جو نماز پڑھنے والوں کے لئے بشیر و مبشر

لِلْمُصَلِّيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ۔ اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ

ہیں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ (اے محمدؐ) جو کتاب آپ پر اتری ہے اسے پڑھو

الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ۭ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاۗءِ

اور نماز قائم رکھو۔ بیشک نماز (اپنی وضع کے اعتبار سے) بے حیائی کے کاموں اور ناشائستہ حرکتو

وَالْمُنْكَرِ ۭ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ۝ (۲۱:۱)

سے روکتی (رہتی) ہے اور اللہ کی یاد سب سے بڑی چیز ہے اور اللہ بخوبی جانتا ہے جو (بھی) تم کرتے ہو

حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى ۤ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ

(اے مسلمانو) تمام نمازوں کی اور درمیانی نماز کی (خصوصاً) محافظت کرو۔ اور اللہ کے آگے

قٰنِتِیْنَ ۝ (۲:۱۵)

ادب وانکسار سے کھڑے رہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو ذکر کرنیوالوں کیلئے بشیر و مبشر

لِلذّٰکِرِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ فَاذْکُرُوْنِیْٓ اَذْکُرْکُمْ

ہیں اللہ تعالےٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ تم مجھ کو یاد رکھو تو میں تم کو یاد رکھوں اور نعمت

وَاشْکُرُوْا لِیْ وَلَا تَکْفُرُوْنِ ۝ (۲:۲) وَاذْکُرُوا اللّٰہَ کَثِیْرًا

تم میرا احسان مانو اور احسان فراموشی نہ کرو۔ اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو تاکہ تم فلاح (کامیابی)

لَّعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ (۲۸:۱۲) اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

پاؤ۔ خوب سمجھ لو کہ اللہ کی یاد سے یا دلوں کو اطمینان

وَالذّٰکِرِیْنَ اللّٰہَ کَثِیْرًا وَّالذّٰکِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰہُ

و آرام حاصل ہوتا ہے۔ اور اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں ان

لَھُمْ مَّغْفِرَۃً وَّاَجْرًا عَظِیْمًا ۝ (۲۲:۱۲)

سب کے لئے اللہ نے (گناہوں کی معافی) مغفرت اور اجر عظیم تیار کر رکھا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو تسبیح کرنے والوں کے لئے بشیر و مبشر ہیں۔

لِلْمُسَبِّحِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ

اللہ تعالےٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ جتنی مخلوقات آسمانوں اور زمین میں ہے سب

وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (۲۸:۱۳) يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

ہی تو اللہ تعالیٰ کی پاکی (تسبیح) بیان کرتی ہے اور وہی زبردست ہے حکمت والا۔ اے ایمان والو

اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۙ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝

اللہ کو خوب کثرت سے یاد کرو۔ اور صبح و شام اس کی پاکی بیان کرو۔ وہی (اللہ) ہے جو تم

هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ

پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی تاکہ وہ تم کو (گمراہی کی) اندھیریوں سے (ہدایت)

اِلَى النُّوْرِ ۭ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ۝ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ

کے نور کی طرف بلا لے۔ اور ایمان والوں کے لئے وہ خاص رحمت والا ہے۔ انکی دعا جس دن اس

سَلٰمٌ ښ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ۝ (۲۲:۱۳)

(اللہ) سے ملیں سلام (علیکم) ہے اور (اللہ نے) ان کے لئے گرانقدر صلہ تیار کر رکھا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیج ہمارے سردار محمدؐ پر جو حمد کرنیوالوں کیلئے بشیر و مبشر ہیں

لِلْحَامِدِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ تمام خوبیاں اللہ ہی کے لئے سزاوار ہیں جس نے اپنے

عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۜ (۱۵:۱۳) وَقُلِ الْحَمْدُ

بندے (محمدؐ) پر کتاب (قرآن) اتاری اور اس میں ذرا بھی کجی (کسر) نہ رکھی۔ اور کہو سب

لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ

خوبیاں اللہ ہی کے لئے ہیں جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ سلطنت میں کوئی اس کا شریک ہے۔

وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝ (۱۲ : ۱۵)

اور نہ وہ کمزور ہے کہ اسکا کوئی مددگار ہو اور اس کی بڑائی بیان کرو بڑا جان کر۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جو شکر کرنیوالوں کے بشیر و مبشر ہیں

لِلشَّاكِرِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى. يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ ۔ اے ایمان والو۔ ہم نے تم کو جو پاک رزق دے

مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ

رکھا ہے اس میں سے کھاؤ اور اللہ کا شکر ادا کرو اگر تم اللہ ہی کی بندگی کا دم بھرتے ہو۔

تَعْبُدُوْنَ ۝ (۲ : ۵) وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

اور اللہ ہی نے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ سے نکالا کہ تم

لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْئًا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ

(اس وقت) کچھ بھی نہیں جانتے تھے۔ اور تم کو سماعت، بصارت اور دل عطا فرمائے تاکہ تم

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ (۱۷ : ۱۴)

شکر ادا کرو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جو رجوع کرنیوالوں کے لئے بشیر و مبشر

لِلْمُنِيْبِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ۔ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ

ہیں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ ۔ اللہ جس کو چاہتا ہے منتخب کرکے اپنی طرف کھینچ لیتا

يَشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ○ (۲۵، ۱۳) مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ

اور جو اس کی طرف رجوع کرتے ہیں ان کو اپنی (بارگاہ) تک پہنچنے کا راستہ دکھاتا ہے۔ جو شخص بے دیکھے

بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِۨ ○ اِدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ۭ ذٰلِكَ

خدائے رحمٰن سے ڈرتا ہے اور (اللہ کی طرف) رجوع ہونیوالا دل لائے (اُن سے اللہ فرمائیگا) اس جنت میں

يَوْمُ الْخُلُوْدِ ○ (۲۶، ۱۷) اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ

سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ یہی تو ہمیشہ رہنے کا دن (زندگی) ہے۔ واقعی ابراہیمؑ بردبار، درد مند اور (اللہ کی

مُّنِيْبٌ ○ (۱۲، ۷)

طرف) رجوع رہنے والے تھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو عجز و انکسار کرنیوالوں کے حق میں بشیر و مبشر

لِلْمُخْبِتِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى - وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ○ الَّذِيْنَ

ہیں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ عاجزی کرنے والے بندوں کو (جنت کی) خوشخبری سنا دیجئے

اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَآ اَصَابَهُمْ

کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن کے دل لرز جاتے ہیں اور جو مصیبت اُن پر آپڑے اس پر صبر کرتے

وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ○ (۱۴، ۱۲)

ہیں اور جو نماز کی پابندی کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے اُن کو دیا ہے اس میں سے ہماری راہ میں خرچ کرتے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِالْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو ادب و انکساری کرنے والوں کیلئے بشیر و مبشر ہیں

لِلْقَانِتِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ـ اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ

اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی رو سے کہ ۔ بھلا جو شخص اوقاتِ شبانہ کی تنہائی) میں

سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ

سجدے کر کر کے اور کھڑے رہ رہ کے عجز وانکسار کر رہا ہو اور آخرت سے ڈر رہا ہو اور اپنے رب کی رحمت کا امیدوار ہو

هَلْ يَسْتَوِى الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا

اُن سے کہیئے کہ کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے (کہیں) برابر ہو سکتے ہیں ۔ مگر ان باتوں سے وہی لوگ نصیحت پکڑتے

يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۔ (۲۳ : ۱۵)

ہیں جو عقلِ سلیم رکھتے ہیں ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو خوف کرنیوالوں کیلئے بشیر و مبشر ہیں

لِلْخَآئِفِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ـ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ جو شخص اپنے رب کے حضور میں کھڑے ہونے سے ڈر

جَنَّتٰنِ ۚ (۲۷ : ۱۳) وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ

رہتا ہے اسکیلئے دو بہشتیں (باغ) ہیں ۔ اور جو اپنے رب کے حضور میں کھڑے ہونے سے ڈرتا اور اپنے نفس

عَنِ الْهَوٰى ۙ فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِىَ الْمَاْوٰى ؕ (۳۰ : ۴)

خواہش سے روکے ، سو جنت اس کا ٹھکانا ہوگا ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو زاری کرنیوالوں کیلئے بشیر و مبشر ہیں

ضرب سوم

الخشعین بما قال اللہ تعالیٰ۔ قد افلح المؤمنون ۵ الذین

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ بیشک ایمان والے فلاح پاگئے۔

ھم فی صلاتھم خشعون ۵ (۱۸:۱) واستعینوا بالصبر

جو اپنی نماز میں زاری کرنے والے ہیں۔ صبر اور نماز کے ذریعہ قوت و مدد حاصل

والصلوٰۃ وانھا لکبیرۃ الا علی الخشعین ۵ الذین یظنون

کرو، اور البتہ نماز شاق ہے، مگر اُن پر نہیں جن کے قلوب میں خشوع وخضوع ہے جنکو

انھم ملٰقوا ربھم وانھم الیہ راجعون ۵ (۱:۵) انما

خیال ہے کہ اپنے رب سے ملنے والے ہیں اور اسی کی طرف وہ لوٹ کر جانے والے ہیں۔ تم

تنذر من اتبع الذکر وخشی الرحمن بالغیب فبشرہ

توصرف اسی کو ڈرا سکتے ہو جو قرآن کی پیروی کرے اور خدائے رحمان سے بن دیکھے ڈرے

بمغفرۃ واجر کریم ۵ (۲۲:۱۸)

تو اس کو گناہوں کی معافی اور گراں قدر صلہ کی خوشخبری سنا دیجئے۔

اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد ن البشیر المبشر

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جو استغفار کرنے والوں کیلئے بشیر و مبشر

للمستغفرین بما قال اللہ تعالیٰ۔ ومن یعمل سوءا او یظلم

ہیں اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ جو شخص برا کام کرے یا اپنی ذات پر ظلم

نفسہ ثم یستغفر اللہ یجد اللہ غفورا رحیما ۵ (۵:۱۳) الذین

کرے، پھر اللہ سے اپنے گناہ کی معافی چاہے تو وہ اللہ کو بہت بخشنے والا مہربان پائیگا جو فرشتے

يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ

عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو (عرش کے) گرد (گرد) ہیں پاکی بیان کرتے ہیں اپنے رب کی حمد کے

وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا

اور اس پر ایمان رکھتے ہیں اور ایمان والوں کے لئے مغفرت کی دعا کرتے ہیں (اور عرض کرتے ہیں) ا

وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا

ہمارے رب! آپکی رحمت اور علم ہر چیز کو حاوی ہے سوان لوگوں کو بخش دیجیے جنھوں نے توبہ کی

سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ (۲۴:۶) وَمَا كَانَ اللّٰهُ

آپکے رستہ پر چلے ان کو دوزخ کے عذاب سے بچا لیجیے۔ اور اللہ اُن پر عذاب

مُعَذِّبَهُمْ وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ۝ (۹:۱۸)

نہ کرے گا جس حالت میں کہ وہ استغفار کر رہے ہوں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ ابر رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جو توبہ کرنے والوں کیلئے بشیر و مبشر ہیں

لِلتَّوَّابِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ـ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی رو سے کہ۔ (اے محمدؐ) جب آئیں تمہارے پاس ہماری آیتیں ماننے والے

بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ

تو کہو، سلام علیکم (سلام ہے تم پر) تمہارے رب نے رحمت و مہربانی کرنا اپنے ذمہ مقرر کر لیا ہے۔

اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ

کہ جو شخص تم میں سے جہالت (نادانی) سے برا کام کر بیٹھے پھر اس کے بعد وہ توبہ کرے اور اصلاح کرے تو

فَاِنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (۱۲:۷) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا

اللہ بہت بخشنے والا رحم کرنیوالا ہے اے ایمان والو! اللہ کی جناب میں توبہ کرو صاف

اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ

دل کی سچی توبہ۔ امید ہے کہ تمہارا رب تم سے تمہاری برائیاں دور کر دے

وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ (۲۸:۲۰)

اور تم کو جنت کے ایسے باغوں میں داخل کر دے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں۔

وَهُوَ الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ

اور وہی تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور برائیوں کو معاف کرتا ہے

السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ۙ (۲۵:۴) اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

اور جو کچھ تم کرتے ہو اُسے جانتا ہے۔ بے شک اللہ توبہ کرنیوالوں

التَّوَّابِيْنَ ۝ (۲۰:۱۲)

سے محبت رکھتا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جو مانگنے والوں کے لئے بشیر و مُبشر ہیں

لِلسَّآئِلِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ

اللہ تعالےٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ جب میرے بندے تم سے میرے متعلق سوال کریں تو

فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا

(فرما دیجیے) میں قریب ہی ہوں جب وہ مجھے پکارے تو پکارنے والے کی پکار (عرض) کا میں جواب دیتا ہوں

لِيْ وَالْيُؤْمِنُوا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ○ (۲:۱۸۶) وَقَالَ رَبُّكُ

(منظور کرتا ہوں) انکو چاہیے کہ میرے حکم کو قبول کریں، اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ وہ رشد و فلاح حاصل

اُدْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ (۴۰:۶۰)

کر سکیں تمہارے رب نے فرمایا ہے۔ مجھ سے دُعا کرو میں تمہاری عرض کو قبول کروں گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو عمل کرنے والوں کے لئے بشیر و مبشر ہیں

لِلْعَامِلِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ جو شخص نیک عمل کرے گا، مرد ہو یا عورت

اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ

اور وہ ایمان بھی رکھتا ہو تو ہم اس کو زندہ رکھیں گے پاکیزہ زندگی کے ساتھ۔ اور ان کو ان کے

اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ (۱۶:۹۷) فَاُولٰٓئِكَ

اعمال پر ضرور اجر دیں گے۔ ایسے لوگ

يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ (۴۰:۴۰)

جنت میں داخل ہوں گے اور وہاں ان کو بے حساب رزق ملے گا۔

وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ

اور (جنت میں) کہیں گے۔ اللہ کا شکر ہے جس نے اپنا وعدہ ہم کو سچ کر دکھایا اور ہم کو اس زمین کا

نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ○ (۳۹:۷۴)

وارث کیا کہ ہم جنت میں جہاں چاہیں مقام کریں پس (نیک) عمل کرنے والوں کا کیا ہی اچھا اجر ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ لِّلْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جو روزہ داروں کیلئے بشیر و مبشر ہیں

لِلصَّائِمِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ رمضان کا مہینہ وہ ہے جس میں قرآن اترا

فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ

جو لوگوں کیلئے ذریعہ ہدایت ہے اور اس میں ہدایت کی کھلی کھلی نشانیاں ہیں اور حق و

فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ

باطل کا فیصلہ ہے پس جو شخص تم میں سے اس مہینہ کو پائے تو اسے اس مہینے کے روزے رکھنے چاہیے اور جو بیمار ہو یا

عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ

مسافر تو دوسرے دنوں میں روزوں کی تعداد پوری کرے۔ اللہ تعالیٰ تمہاری آسانی چاہتا ہے۔

وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى

اور وہ تمہارے لئے مشکل نہیں چاہتا۔ یہ حکم اس لئے ہے کہ تم روزوں کی تعداد پوری کر سکو اور اس

مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ (۲: ۱۸۵)

ہدایت پر اللہ کی بڑائی بیان کرو۔ امید ہے کہ اس طرح تم اسکے شکر گذار بندے بن سکو گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ لِّلْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جو حاجیوں کیلئے بشیر و مبشر ہیں

لِلْحُجَّاجِ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ لوگوں کی عبادت کیلئے جو سب سے پہلا گھر (خانہ کعبہ) بنایا

لَلَّذِیْ بِبَکَّۃَ مُبٰرَکًا وَّھُدًی لِّلْعٰلَمِیْنَ ۚ فِیْہِ اٰیٰتٌ

گیا وہ قطعاً وہی ہے جو مکہ میں ہے وہ سارے جہانوں کے لئے برکت والا بھی اور انکی ہدایت کا سرچشمہ

بَیِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰھِیْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَہٗ کَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰہِ

بھی۔ اس گھر میں کھلی کھلی نشانیاں ہیں خصوصاً مقام ابراہیم اور جس گھر میں داخل ہوتا ہے امن میں آ جاتا ہے اور

عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْہِ سَبِیْلًا ؕ (۳:۱۱)

لوگوں پر فرض ہے کہ اللہ ہی کیلئے خانہ کعبہ کا حج کریں جس کو اس تک پہنچنے کا مقدور ہو۔

اَلْحَجُّ اَشْھُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ فَرَضَ فِیْھِنَّ الْحَجَّ فَلَا

حج کے تو خاص مہینے ہیں جو معلوم ہیں۔ تو جو شخص ان مہینوں میں حج کی ٹھان لے تو حج میں نہ

رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِی الْحَجِّ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ

بے پردگی کی کوئی بات کرے نہ گناہ کی نہ جھگڑے کی۔ اور جو بھی نیک کام کرو تو اللہ کو اس کا

یَّعْلَمْہُ اللّٰہُ ؕ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی ۚ وَاتَّقُوْنِ

علم ہوگا۔ راستہ (حج) کا خرچ لیا کرو کیونکہ بہترین زادِ راہ (توشہ) پرہیزگاری ہے (یعنی گناہ اور

یٰٓاُولِی الْاَلْبَابِ ۝ (۲:۹)

سوال سے بچنا) اے عقل والو مجھ سے ڈرتے رہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جو زاہدوں کے لئے بشیر و مبشر ہیں

لِلزَّاھِدِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِیْنَۃُ

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ مال اور اولاد (دنیوی) زندگی کی زینت و آرائش ہیں۔

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ

اور باقی رہنے والے اعمالِ صالحہ تیرے رب کے پاس ثواب کے اعتبار سے (بدرجہا) بہتر ہیں۔

ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ○ (۱۵:۱۸)

اور امید کے اعتبار سے بھی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو نیکوکاروں کیلئے بشیر و مبشر ہیں

لِلصّٰلِحِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ وَلِيِّ ءَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ بےشک میرا حامی اللہ ہی ہے جس نے کتاب (قرآن)

الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ○ (۹:۱۲) وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

اتاری ہے، اور وہ نیکوکاروں کی حمایت کرتا ہے۔ اللہ نے وعدہ فرمایا ہے ان لوگوں

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ○ (۶:۶)

سے جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے کہ ان کے لئے بخشش اور ثواب عظیم ہے۔

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

وہ لوگ اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اور اچھی باتوں کا حکم کرتے ہیں

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ

اور بری باتوں سے منع کرتے ہیں اور نیک کاموں میں جلدی کرتے ہیں، یہی

وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ (۳:۴)

لوگ نیکوکاروں میں داخل ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو سچوں کیلئے بشیر و مبشر ہیں۔

لِلصّٰدِقِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور

اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ (۱۱:۲) قَالَ اللّٰهُ هٰذَا

سچوں کے ساتھ ہو جاؤ۔ اللہ نے فرمایا

يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ۚ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ

یہ وہ دن ہے جبکہ فائدہ دے گی سچوں کو ان کی سچائی۔ ان کو باغات ملیں گے جن کے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

نیچے نہریں بہتی ہونگی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ان سے راضی و خوش

وَرَضُوْا عَنْهُ ۚ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ (۶:۷)

ہوا اور وہ اللہ سے راضی و خوش ہوئے۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو احسان کرنیوالوں کیلئے بشیر و مبشر ہیں

لِلْمُحْسِنِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ۔ وَاَحْسِنُوْا ۛ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ احسان کرو۔ بیشک اللہ احسان کرنیوالوں کو دوست

الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (۲:۸) اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (۸:۱۴)

رکھتا ہے بیشک اللہ کی رحمت احسان کرنیوالوں کے قریب ہے

اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ۙ وَالَّذِیْنَ جَاھَدُوْا
واقعی اللہ احسان کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ اور جنھوں نے ہمارے لئے جدوجہد
فِیْنَا لَنَھْدِیَنَّھُمْ سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰہَ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝ (۲۱:۱۰)
کی ہم ان کو اپنی راہیں (قرب و کامیابی کی) سوجھائیں گے، بیشک اللہ احسان کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ
یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جو مقربوں (اہل قرب) کیلئے بشیر و مبشر ہیں
لِلْمُقَرَّبِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ فَاَمَّآ اِنْ کَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ ۝
اللہ تعالٰی کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ اگر وہ (اللہ کے) مقربوں میں سے ہے تو (اس کیلئے)
فَرَوْحٌ وَّرَیْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِیْمٍ ۝ (۲۷:۱۶) وَالسّٰبِقُوْنَ
آرام و راحت ہے۔ اور فراغت کی روزی ہے اور نعمتوں والی جنت ہے اور سبقت لیجانے والے تو
السّٰبِقُوْنَ ۝ۚ اُولٰٓئِکَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝ۚ فِیْ جَنّٰتِ النَّعِیْمِ ۝
ہیں جو ایمان میں سبقت لیگئے۔ وہی ہیں مقرب (انکو نعمتوں والی جنت میں جگہ دی جائے گی۔
ثُلَّۃٌ مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ ۙ وَقَلِیْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِیْنَ ؕ عَلٰی سُرُرٍ
انکی بڑی جماعت تو اگلے لوگوں میں سے ہوگی، اور تھوڑی پچھلے لوگوں میں سے ہوگی۔ وہ لوگ جڑاؤ
مَّوْضُوْنَۃٍ ۙ مُّتَّکِـِٕیْنَ عَلَیْھَا مُتَقٰبِلِیْنَ ۝ (۲۷:۱۴)
تختوں پر آمنے سامنے تکیے لگائے بیٹھا کریں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ
یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جو مراد پانے والوں کیلئے بشیر و مبشر ہیں

لِلْفَائِزِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ ۝

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ (اللہ کے دوست وہ ہیں) جو ایمان لائے اور خدا سے ڈرتے رہے

لَھُمُ الْبُشْرٰی فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ ؕ لَا تَبْدِیْلَ

انکے لئے دنیوی زندگی میں بھی اور آخرت کی زندگی میں بھی (خوشخبری ہے) خوشخبری ہے اللہ کی باتیں

لِکَلِمٰتِ اللّٰہِ ؕ ذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝ (۱۰: ۶۴) یَوْمَ تَرَی

بدلتی نہیں۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔ (اے محمدؐ) اُس دن تم

الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ یَسْعٰی نُوْرُھُمْ بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَ

مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو دیکھو گے کہ انکا نور (ایمان) اُن کے آگے اور اُن کے داہنے دوڑ رہا ہوگا

بِاَیْمَانِھِمْ بُشْرٰىکُمُ الْیَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ

آج تم کو ایسے باغوں کی خوشخبری ہے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، جن میں ہمیشہ

خٰلِدِیْنَ فِیْھَا ؕ ذٰلِکَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝ (۵۷: ۱۲)

ہمیشہ رہیں گے۔ اور یہی سب سے بڑی کامیابی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو نیکو کاروں کیلئے بشیر و مبشر ہیں

لِلْاَبْرَارِ بِمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ لَیْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْھَکُمْ

اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ (مسلمانو) نیکی یہی نہیں کہ اپنا منہ مشرق اور مغرب

قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰکِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ

کی طرف کر لو۔ بلکہ اصل نیکی تو یہ ہے کہ کوئی اللہ اور روزِ آخرت اور فرشتوں اور

الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ وَالْکِتٰبِ وَالنَّبِیّٖنَ ج وَاٰتَی الْمَالَ عَلٰی
آسمانی کتابوں اور پیغمبروں پر ایمان لائے۔ اور مال (عزیز) اللہ کی محبت میں
حُبِّہٖ ذَوِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنَ وَابْنَ السَّبِیْلِ لا
رشتہ داروں، یتیموں، محتاجوں اور مسافروں اور مانگنے والوں کو دے
وَالسَّآئِلِیْنَ وَفِی الرِّقَابِ ج وَاَقَامَ الصَّلٰوۃَ وَاٰتَی الزَّکٰوۃَ ج
اور غلامی وغیرہ کی قید سے (لوگوں کی) گردنوں کے چھڑانے کیلئے دے۔ اور نماز قائم کرے اور زکوٰۃ دے
وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ج وَالصّٰبِرِیْنَ
اور جب قول و قرار کریں تو اپنے عہد کو پورا کرنے والے۔ اور ثابت قدم رہنے والے تنگدستی میں
فِی الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِیْنَ الْبَاْسِ ط اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ
اور بیماری میں اور جنگ اور مخالف حالات میں۔ یہی لوگ ہیں جو دعویٰ اسلام میں
صَدَقُوْا ط وَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝ (۲:۱۷۷)
سچے ہیں۔ اور یہی ہیں جو متقی کہے یا جا سکتے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ
یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر خرچ کرنیوالوں کیلئے بشیر و مبشر ہیں
لِلْمُنْفِقِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی. مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ
اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مالوں کو خرچ
اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ کَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ
کرتے ہیں ان کی خیرات کی مثال اس دانہ کی سی ہے جس نے سات بالیں اگائیں،

فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ

ہر بالی میں سو دانے۔ اور اللہ کئی گنا کر کے دیتا ہے جس کو چاہتا ہے۔ اور اللہ

وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ

بڑی وسعت والا اور جاننے والا ہے۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنے مالوں کو خرچ کر چکنے کے بعد

لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ

کسی طرح کا احسان نہیں جتاتے اور نہ لینے والے کو کسی طرح کی تکلیف دیتے ہیں انکو اپنے رب کے پاس

رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ قَوْلٌ

اجر ملے گا۔ اور (آخرت میں) ان پر نہ کسی قسم کا خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ؕ وَاللّٰهُ

اعلیٰ کلچر کی بات کہنا اور (اصرار پر) درگزر کرنا اس خیرات سے بہتر ہے جس کے بعد دکھ پہنچایا جائے اور

غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ۝ (۳:۴) اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ

اللہ بے نیاز اور بردبار ہے۔ شیطان تم کو فقر و فاقہ سے ڈراتا ہے اور تم کو بے حیائی کی

بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ؕ وَاللّٰهُ

باتوں کا مشورہ دیتا ہے۔ اور اللہ تم سے بخشش اور برکت کا وعدہ فرماتا ہے اور اللہ

وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ۖ (۳:۵) لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۝

بہت وسعت و گنجائش والا خوب جاننے والا ہے تم ہرگز نیکی کے درجے کو نہ پاؤ گے جب تک اللہ کی راہ

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ (۱:۴) قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ

میں ان چیزوں میں سے خرچ نہ کرو گے جو تم کو عزیز ہیں۔ اور کوئی سی چیز بھی تم خرچ کرو اللہ اس کو بخوبی جانتا ہے۔ کہو (خیرات کے) جو

مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ

وَابْنِ السَّبِيْلِ ط (۲:۱۰) لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ أُحْصِرُوْا فِيْ

اور محتاجوں کا اور مسافروں کا۔ (خیرات تو) اُن حاجت مندوں کا حق ہے جو اللہ کی راہ میں ایسے

سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِى الْأَرْضِ يَحْسَبُهُمُ

گھر گئے ہیں کہ کسب معاش کے لئے ملک میں دوڑ دھوپ نہیں کر سکتے۔ ناواقف شخص ان کے

الْجَاهِلُ أَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ لَا

نہ مانگنے کی بنا پر ان کو دولتمند سمجھتا ہے لیکن تم ان کی صورت سے صاف پہچان جاؤ گے (کہ وہ محتاج

يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ إِلْحَافًا ط وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ اللّٰهَ

ہیں) مگر وہ پیٹ کر لوگوں سے نہیں مانگتے۔ تم خیرات کے طور پر جو بھی خرچ کرو اللہ اُس کو خوبی

بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ أَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا

جانتا ہے جو لوگ رات دن چھپے، ظاہر اپنے مالوں کو خرچ کرتے ہیں

وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

تو ان کا ثواب ان کو اپنے پروردگار کے ہاں ملے گا اور ان پر

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ (۳:۷) وَسَارِعُوْا إِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ

نہ خوف ہوگا نہ غم۔ اور اپنے رب کی مغفرت اور جنت

وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ أُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝

کی طرف لپکو جس کا پھیلاؤ اتنا بڑا ہے جیسے زمین و آسمان کا کہ کبھی سجائی تیار ہے متقیوں کے لیے

اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ فِی السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْکٰظِمِیْنَ الْغَیْظَ

جو خوشحالی اور تنگدستی میں خرچ کرتے ہیں اور غصہ کو پیتے ہیں

وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۚ (۵:۲)

اور لوگوں کے قصوروں سے درگذر کرتے ہیں۔ اور اللہ احسان کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

یا اللہ! ہمارے سردار محمدؐ پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل اولاد پر درود بھیجئے۔

صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ ؕ وَ

ایسا درود جس کی برکت سے آپ ہم کو جملہ پریشانیوں اور آفتوں سے نجات دیں۔

تَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ ؕ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ

اور آپ ہماری جملہ حاجتیں برلائیں۔ اور آپ ہم کو تمام برائیوں سے

السَّیِّاٰتِ ؕ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ ؕ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی

پاک کر دیں، اور جس کی برکت سے آپ ہمکو اپنی بارگاہ میں اعلیٰ درجے عطا فرمائیں اور دنیا و آخرت

الْغَایَاتِ ؕ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ ؕ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ ؕ اِنَّکَ عَلٰی

کی سب بھلائیوں میں آپ ہم کو مرادوں کی انتہا تک پہنچا دیں کہ بیشک آپ ہر چیز پر

کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ؕ سُبْحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ۚ وَسَلٰمٌ

قدرت کاملہ رکھتے ہیں۔ پاک ذات ہے تمہارے رب کی جو عزت والا ہے اور ان باتوں سے پاک ہے جو

عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ (۲۳:۹)

بیان کرتے ہیں اور سلام ہے پیغمبروں پر اور سب خوبیاں اللہ ہی کیلئے ہیں جو سارے جہانوں کا رب ہے۔

اَلْحِزْبُ الرَّابِعُ

حزب چہارم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان بے انتہا رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ نَوَيْتُ بِصَلٰوتِيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

یا اللہ ہمیں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کی نیت کی ہے

وَسَلَّمَ اِمْتِثَالًا لِاَمْرِكَ وَتَعْظِيْمًا لِنَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

آپ کے حکم کی تعمیل ہیں اور آپ کے نبی ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ

کی تعظیم کی غرض سے ۔ آپ اپنے فضل و احسان سے اس درود کو

وَاَزِلْ حِجَابَ الْغَفْلَةِ عَنْ قَلْبِيْ ۔ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ

میری طرف سے قبول فرمائیے اور میرے دل سے غفلت کا پردہ اٹھا دیجیے

الصّٰلِحِيْنَ ۝

اور مجھے اپنے نیک بندوں کے زمرہ میں شامل کر دیجیے ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ

یا اللہ ہمارے سردار محمد اور ان کی آل و اولاد اور اصحاب پر رحمت بھیجیے اتنی تعداد میں

صَلوٰۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ
جو علم الٰہی میں ہو ایسی رحمت جسکا سلسلہ واللہ تعالیٰ کی بادشاہت کی ہمیشگی کیساتھ جاری رہے اور سلام

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِهٖ وَرَسُوْلِهٖ ط
بھیجے اللہ تعالےٰ اپنے بندے اور اپنے پیغمبر محمدؐ پر درود و رحمت بھیجے۔

اَلصَّلوٰةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الرَّحْمَةِ
درود و سلام ہو محمد نبی رحمت پر

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ ط
رحمت و سلام ہو محمدؐ پر۔ اللہ تعالےٰ ان پر رحمت وسلام بھیجے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ ط يَا رَبِّ صَلِّ عَلَيْهِ وَسَلِّمْ
یا اللہ! محمد پر رحمت بھیجے۔ اے پروردگار۔ اُن پر رحمت وسلام بھیجے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ط
یا اللہ! رحمت بھیجے ہمارے سردار ہمارے آقا محمدؐ پر اور برکت وسلام بھی بھیجے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ
یا اللہ! محمدؐ پر اور اُن کی آل اولاد پر رحمت بھیجے اور سلام بھی بھیجے۔

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ. كَمَا رَحِمْتَ اِبْرَاهِيْمَ
یا اللہ! مہربانی فرمائیے محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر اسی طرح جس طرح آپنے مہربانی فرمائی ابراہیمؑ پر اور اٰل

وَاٰلَ اِبْرَاهِيْمَ. اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
ابراہیمؑ پر کہ بیشک آپ ہیں خوبیوں والے اور بزرگی والے۔

اَللّٰهُمَّ تَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ

یا اللہ رحم وکرم فرمایئے محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر اسی طرح جس طرح آپ نے رحم وکرم فرمایا

عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر کہ بیشک آپ ہیں خوبیوں والے اور بزرگی والے۔

اَللّٰهُمَّ تَحَنَّنْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ

یا اللہ مہربانی وشفقت فرمایئے محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر اسی طرح جس طرح آپنے مہربانی وشفقت

عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر کہ بیشک آپ ہیں خوبیوں والے اور بزرگی والے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

یا اللہ نازل فرمایئے اپنی رحمتیں اور اپنی برکتیں محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر اسی طرح

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

جس طرح آپ نے نازل فرمائیں ابراہیمؑ پر اور آل ابراہیم پر کہ بے شک آپ ہیں

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

خوبیوں والے بزرگی والے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

یا اللہ رحمت بھیجئے محمدؐ پر اور آلِ محمدؐ پر اسی طرح جس طرح آپ نے رحمت بھیجی

عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

ابراہیمؑ پر اور آلِ ابراہیمؑ پر کہ بیشک آپ ہیں خوبیوں والے اور بزرگی والے۔

اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔ کَمَا سَلَّمْتَ

یا اللہ سلام بھیجیے محمدؐ پر اور آلِ محمدؐ پر اسی طرح جس طرح آپ نے سلام بھیجا

عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ۔ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

ابراہیمؑ پر اور آلِ ابراہیمؑ پر کہ بیشک آپ ہیں خوبیوں والے اور بزرگی والے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔ کَمَا بَارَكْتَ

یا اللہ! برکت نازل فرمائیے محمدؐ پر اور آلِ محمدؐ پر اسی طرح جس طرح آپ نے برکت

عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ۔ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

نازل فرمائی ابراہیمؑ پر اور آلِ ابراہیم پر کہ بیشک آپ ہیں خوبیوں والے ابزرگی والے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔ وَسَلِّمْ عَلٰی

یا اللہ! رحمت بھیجیے محمدؐ پر اور آلِ محمدؐ پر۔ اور سلام بھیجیے محمدؐ پر اور آلِ محمدؐ پر اور

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

برکت نازل فرمائیے محمدؐ پر آلِ محمدؐ پر اسی طرح جس طرح آپ نے رحمت بھیجی اور

کَمَا صَلَّیْتَ وَسَلَّمْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ

سلام بھیجا اور برکت نازل فرمائی ابراہیمؑ پر اور آلِ ابراہیم پر کہ بے شک آپ

اِبْرَاھِیْمَ۔ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

ہیں خوبیوں والے اور بزرگی والے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

یا اللہ! رحمت بھیجیے سلام بھیجیے اور برکت نازل فرمائیے محمدؐ پر اور آلِ محمدؐ پر

كَمَا صَلَّيْتَ وَسَلَّمْتَ وَبَارَكْتَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيْمَ وَعَلَىٰ آلِ إِبْرَاهِيْمَ

اُسی طرح جس طرح آپ نے رحمت بھیجی، سلام بھیجا اور برکت نازل فرمائی ابراہیمؑ پر اور

فِي الْعٰلَمِيْنَ - إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ -

آلِ ابراہیمؑ پر تمام جہانوں میں کہ بیشک آپ ہیں خوبیوں والے بزرگی والے -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَىٰ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ - وَّ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار ہمارے آقا محمدؐ پر اور اُنکی جملہ آل اولاد پر اور

عَلَىٰ آلِهٖ وَصَحْبِهٖ أَجْمَعِيْنَ - بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

اصحاب پر بھی رحمت و مہربانی سے، اے تمام رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَىٰ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ - وَّ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے اور برکت نازل فرمایئے ہمارے سردار محمدؐ پر اور اُنکی بیبیوں

أَزْوَاجِهٖ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ - وَعَلَىٰ آلِهٖ وَصَحْبِهٖ أَجْمَعِيْنَ ط

پر جو ایمان والوں کی مائیں ہیں، اور اُن کی تمام اولاد و اصحاب پر بھی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَىٰ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ - وَعَلَىٰ آلِهٖ وَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر اور اُن کی آل اولاد و اصحاب

أَصْحَابِهٖ - خَزَنَةِ أَسْرَارِهٖ - وَمَعَادِنِ أَنْوَارِهٖ - كُنُوْزِ

پر جو ان کے رازوں کے خزانے دار - ان کے انوار کی کانیں - اور حقائق

الْحَقَائِقِ - وَهُدَاةِ الْخَلَائِقِ - وَنُجُوْمِ الْاِهْتِدَاءِ لِمَنْ

کے خزینے اور مخلوقات کے رہنما ہیں اور جو اُنکی پیروی کریں اُن کیلئے ہدایت کے

اَقۡتَدٰی۔ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا دَائِمًا اَبَدًا۔
ستارے ہیں اُن پر خوب خوب کثرت سے ہمیشہ ابد تک سلام بھیجئے۔

(للغوث الاعظم الشیخ محی الدین عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا
یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے اور برکت نازل فرمایئے ہمارے سردار ہمارے آقا محمدؐ
مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ
نبی اُمّی پر اور اُنکی آل اولاد اور صحابہ اور اُنکی بیبیوں پر جو ایمان والوں کی مائیں ہیں
اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّاتِہٖ۔ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ
اور اُنکی نسل پر۔ اور ایمان لانے والے مرد اور ایمان لانے والی عورتوں پر اور
وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔ کَمَا صَلَّیْتَ وَ
اسلام لانے والے مرد اور اسلام لانے والی عورتوں پر اُسی طرح جس طرح آپنے رحمت بھیجی
سَلَّمْتَ وَبَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ۔ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
سلام بھیجا اور برکت نازل فرمائی ہمارے سردار ابراہیمؑ اور ہمارے سردار ابراہیم کی آل اولاد پر تمام
اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ۔ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔
جہانوں میں کہ بیشک آپ ہی ہیں خوبیوں والے بزرگی والے۔

(للحاج مولٰنا مناظر احسن الگیلانی رحمۃ اللہ علیہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
یا اللہ! رحمت و سلام بھیجے ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمدؐ پر

وَعَلٰی جَمِیْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِیِّیْنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ وَالشُّهَدَآءِ

اور اُن کے تمام بھائیوں پر نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں اور نیکوکاروں

وَالصَّالِحِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ

میں سے انصاف کے دن تک۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰدَمَ وَنُوْحٍ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجے ہمارے سردار محمدؐ پر اور آدمؑ و نوحؑ

وَّ اِبْرَاهِیْمَ وَمُوْسٰی وَعِیْسٰی وَمَا بَیْنَهُمْ مِنَ النَّبِیِّیْنَ

وابراہیمؑ وموسیٰؑ و عیسیٰؑ اور اُن کے درمیان کے تمام نبیوں اور پیغمبروں

وَالْمُرْسَلِیْنَ۔ صَلَوٰتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ ؕ

پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں ہوں اور سلام ہو ان سب پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جَمِیْعِ

یا اللہ! رحمت و سلام ہو ہمارے سردار محمدؐ پر اور تمام نبیوں

الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ۔ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ

اور رسولوں پر اللہ کی رحمتیں اور سلام ہو

عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ ؕ

ان سب پر۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جِبْرِیْلَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجے ہمارے سردار محمدؐ پر اور جبریلؑ

وَمِيكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ وَعَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ

و میکائیلؑ و اسرافیلؑ و عزرائیلؑ اور مقرب فرشتوں پر

الْمُقَرَّبِيْنَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ

اللہ کی رحمتیں ہوں اور اُس کا سلام ہو اِن سب پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْاَوَّلِيْنَ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے محمدؐ پر جو اگلوں

وَالْاٰخِرِيْنَ۔ وَعَلٰٓى اَزْوَاجِهٖ وَعِتْرَتِهِ الطَّاهِرِيْنَ۔ وَ

اور پچھلوں کے سردار ہیں اور آن کی بیبیوں اور انکی پاک اولاد پر اور تمام

عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ

نبیوں اور رسولوں اور مقرب فرشتوں اور اللہ کے نیکوکار

وَعِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِيْنَ۔ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

بندوں پر۔ اے سب رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

(للمولف الیاس البرنی رحمۃ اللہ علیہ)

صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ۔ وَاَنْبِيَآئِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ

اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتوں اور اُسکے نبیوں اور پیغمبروں اور اُسکی تمام

خَلْقِهٖ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ۔ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ

مخلوق کے درود ہوں ہمارے سردار محمدؐ اور انکی آل اولاد اور صحابہ پر۔ محمدؐ پر اور ان سب پر سلام ہو۔

اَلسَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ط

اور اللہ تعالےٰ کی رحمت اور اسکی برکتیں ہوں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ ط

یا اللہ ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر اُن کے شایان شان۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ

یا اللہ ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر اسی طرح جس طرح آپکی پسند اور

وَتَرْضٰى لَهٗ۔

مرضی ہو اُن کے لئے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَزَوْجَاتِهٖ۔

اللہ تعالےٰ رحمت بھیجے آنحضرتؐ پر اور اُنکی آل اولاد اور اصحاب اور اُنکی بیبیوں پر

مُنْتَهٰى مَرْضَاةِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَرْضَاتِهٖ ط

اللہ تعالےٰ اور رسول اللہ کی خوشنودیوں کی انتہا تک۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ عَلَيْهِ وَاجْزِهٖ

یا اللہ رحمت بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر اور اُن پر سلام بھیجئے اور اُنکو ہماری طرف سے

عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ ط

وہ جزا دیجئے جو اُن کے شایان ہو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

یا اللہ ! رحمت بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل اولاد پر۔

صَلٰوۃً دَآئِمَۃً مَّقْبُوْلَۃً تُؤَدِّیْ بِھَا عَنَّا حَقَّہُ الْعَظِیْمَ ط

ہمیشہ جاری رہنے والی پسندیدہ رحمت جسکے ذریعہ ہماری طرف سے آنحضرت صلعم کا حق عظیم ادا فرمائیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَکَ

یا اللہ (ہم دعا کرتے ہیں) آپ رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمد صلعم پر ایسی رحمت جس میں

رِضَآءً وَّ لِحَقِّہٖ اَدَآءً ط

آپکی خوشنودی ہو اور آنحضرت صلعم کا حق ادا ہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

یا اللہ رحمت بھیجیے محمد پر اور ہمارے سردار محمد صلعم کی آل اولاد پر ایسی رحمت جس میں آپ کی

صَلٰوۃً تُرْضِیْکَ وَتُرْضِیْہِ وَتَرْضٰی بِھَا عَنَّا یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

خوشنودی ہو اور آنحضرت کی خوشنودی ہو اور جسکی وجہ سے آپ ہم سے راضی اور خوش ہو جائیں اے تمام جہانوں کے پروردگار

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَنْ

یا اللہ رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمد پر اس طرح جس طرح آپکی پسند و مرضی ہو کہ آپ ان پر

تُصَلِّیَ عَلَیْہِ۔

رحمت بھیجیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَآ اَمَرْتَنَا

یا اللہ رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمد صلعم پر اسی طرح جس طرح آپنے ہمیں حکم دیا کہ ہم ان کیلئے دعائے

اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ۔

رحمت کریں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِیْ لَنَا اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْہِ۔

یا اللہ رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر اسی طرح جس طرح ہمارے لئے لازم ہے کہ ان کیلئے دعائے رحمت کریں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَجِبُ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ۔

یا اللہ رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل اولاد پر اسی طرح جس طرح ان کے لئے دعائے رحمت کرنا واجب ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِیْ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ۔

یا اللہ رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل اولاد پر اسی طرح جس طرح لازم ہے کہ ان کیلئے دعائے رحمت کی جائے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِكَ۔ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ رِضَاءَ نَفْسِكَ۔ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ زِنَةَ عَرْشِكَ۔ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِّدَادَ كَلِمَاتِكَ۔ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّبْلَغَ عِلْمِكَ وَاٰيَاتِكَ

یا اللہ رحمت بھیجیے محمدؐ پر اپنی مخلوقات کی گنتی کے برابر اور رحمت بھیجیے محمدؐ پر آپ کی اپنی خوشنودی کے مطابق اور رحمت بھیجیے محمدؐ پر اپنے عرش کے بوجھ کے برابر اور رحمت بھیجیے محمدؐ پر اس روشنائی کی مقدار میں جس سے آپکی باتیں لکھی جاسکیں اور رحمت بھیجیے محمدؐ پر اپنے علم اور اپنی نشانیوں کی پہنچ کی انتہا تک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِکَ عَدَدَ

یا اللہ درود بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر اپنے درودوں میں سے افضل درود اپنی مخلوقات کی گنتی کے

خَلْقِکَ - وَرِضَاءَ نَفْسِکَ وَزِنَۃَ عَرْشِکَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِکَ

برابر اور آپکی اپنی خوشنودی کے مطابق اور اپنے عرش کے بوجھ کے برابر اور اُس روشنائی کی مقدار میں جس سے آپکی

وَمَبْلَغَ عِلْمِکَ وَاٰیَاتِکَ ط

باتیں لکھی جاسکیں اور آپکے علم اور نشانیوں کی پہنچ کی انتہا تک

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِہٖ - وَرِضَاءَ

رحمت بھیجے اللہ ہمارے سردار محمدؐ پر اپنی مخلوقات کی گنتی کے برابر اور اپنی خوشنودی کے مطابق

نَفْسِہٖ - وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ - وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ - وَعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ

اور اپنے عرش کے بوجھ کے برابر اور اُس روشنائی کی مقدار میں جس سے اس کی باتیں لکھی جاسکیں اور

وَعِتْرَتِہِ الطَّاھِرِیْنَ - اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط

اُن کے گھر والوں اور اُنکی اولاد پاک پر انصاف کے دن تک -

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی

یا اللہ رحمت بھیجئے محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر ان لوگوں کی گنتی کے برابر جنہوں نے اُن پر درود بھیجا -

عَلَیْہِ - وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ

اور رحمت بھیجئے محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر ان لوگوں کی گنتی کے برابر جنہوں نے اُن پر درود

لَمْ یُصَلِّ عَلَیْہِ -

نہیں بھیجا -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ

یا اللہ! رحمت بھیجیے محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جب جب یاد کریں آپؐ کو یاد کرنے والے

الذّٰكِرُوْنَ ۔ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كُلَّمَا غَفَلَ

اور رحمت بھیجیے محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جب جب ذکر سے غفلت کریں غفلت کرنے

عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ط وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا ط

والے اور خوب خوب کثرت سے سلام بھیجیے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى اللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۔ وَصَلِّ

یا اللہ! رحمت بھیجیے محمدؐ پر رات میں جب وہ چھا جائے۔ اور رحمت بھیجیے محمدؐ پر

عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى النَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى

دن میں جب وہ روشن ہو جائے۔ اور رحمت بھیجیے محمدؐ پر پچھلی اور پہلی زندگی

الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ط

میں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

یا اللہ! رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر اور آپؐ کی آل اولاد پر اور صحابہ پر اور خوب خوب کثرت سے سلام بھیجیے

وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا دَآئِمًا بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ ط

بھیجیے ستھرا برکت والا سلام جب کا سلسلہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی بادشاہت کی ہمیشگی کے ساتھ جاری رہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اَزْوَاجِهٖ

یا اللہ! رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر اور ان کی بیبیوں پر جو ایمان والوں

اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ - وَاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ وَذُرِّيَّتِهِ الْمُبَارَكِيْنَ
کی مائیں ہیں اور اُن کی پاک آل اولاد اور اُن کی برکت والی نسل اور
وَصَحَابَتِهِ الْاَكْرَمِيْنَ - صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً تَتَرَدَّدُ اِلٰى
بہت بزرگ صحابہ پر رحمت مسلسل جو بار بار ہوتی رہے انصاف
يَوْمِ الدِّيْنِ -
کے دن تک ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ
یا اللہ رحمت بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر اور اُنکی آل اولاد اور اصحاب پر ایسی رحمت جو
بَاقِيَةً بِبَقَائِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ - وَعَلٰى اٰلِهٖ
ہمیشہ جاری رہے آپ کی ہمیشگی کے ساتھ اور باقی رہے آپکی بقا کے ساتھ جس کی انتہا نہ ہو
وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ؕ
آپکے علم کے سوا اور سلام بھی بھیجئے ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ
یا اللہ رحمت بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر اتنی تعداد میں جو علم الٰہی میں ہو ایسی رحمت جسکا سلسلہ
صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ ؕ
دوام اللہ تعالےٰ کی بادشاہت کی ہمیشگی کے ساتھ جاری رہے ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ
یا اللہ درود بھیجئے محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر اپنے درودوں میں سے افضل درود اپنی

صَلَوَاتِكَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِكَ ۔

معلومات گنتی کے برابر ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر اور انکی آل اولاد پر اللہ تعالےٰ کے

عَدَدَ اِنْعَامِ اللّٰهِ وَاِفْضَالِهٖ ط

انعام اور فضل کی تعداد کے برابر ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے ہمارے سردار ہمارے آقا محمدؐ پر اور اُن کی

اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ عَدَدَ اَنْفَاسِ اُمَّتِهٖ ط

آل اولاد اور بیبیوں اور نسل پر ان کی سانسوں کی گنتی کے برابر ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ نبی اُمّی (اَن پڑھ) پر اور

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ صَلٰوةً وَّسَلَامًا لَا يُحْصٰى عَدَدُهُمَا

انکی آل اولاد اور بیبیوں پر ایسی رحمت اور سلام جنکی تعداد کا شمار نہ ہو اور جس کا

وَلَا يُقْطَعُ مَدَدُهُمَا ۔

پھیلاؤ کبھی طے نہ ہو ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ

یا اللہ! رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر اور انکی اولاد پر آپکے تمام معلومات کی

مَعْلُوْمٍ لَّكَ -
گنتی کے برابر -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل اولاد پر
مُحَمَّدٍ فِىْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ -
ہر پل اور ہر سانس میں آپ کے تمام معلومات کی گنتی کے برابر -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ - اَفْضَلَ
یا اللہ درود بھیجئے ہمارے سردار ہمارے آقا محمدؐ پر آپ کے درودوں میں سے بہترین افضل درود آپ کی
صَلَوَاتِكَ عَدَدَ اٰيٰتِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ -
نشانیوں کی گنتی کے برابر اور اس روشنائی کی مقدار میں جس سے آپ کی باتیں لکھی جا سکیں -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل اولاد پر
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهٖ عِلْمُكَ ط
اتنی تعداد میں جس کا احاطہ آپ کے علم نے کر لیا ہو -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل اولاد پر اتنی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحْصَاهُ كِتَابُكَ ط
تعداد میں جس کا شمار آپ کی کتاب (لوح محفوظ) میں ہو -

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَ

یا اللہ! رحمت وسلام بھیجے ہمارے سردار محمد ؐ پر اور انکی آل اولاد اور

اَصْحَابِهٖ ۔ بِعَدَدِ مَا فِىْ جَمِيْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا

اصحاب پر جو کچھ قرآن میں ہے حرف بحرف اسکی گنتی کے برابر ۔ اور ہر حرف کی

وَبِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا ؕ

تعداد پر ہزار ہزار رحمت وسلام بھیجے ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

یا اللہ رحمت بھیجے ہمارے آقا سردار محمد ؐ پر اور انکی آل اولاد اور اصحاب پر اور سلام بھی

وَسَلِّمْ ۔ عَدَدَ مَا كَانَ وَعَدَدَ مَا يَكُوْنُ وَعَدَدَ مَا هُوَ

بھیجے جو کچھ ہو چکا ہے اس کی گنتی کے برابر اور جو ہو رہا ہے اسکی گنتی کے برابر اور علم الٰہی

كَائِنٌ فِىْ عِلْمِ اللّٰهِ ۔

میں جو کچھ ہونے والا ہے اسکی گنتی کے برابر ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ

یا اللہ رحمت بھیجے ہمارے سردار محمد ؐ پر اور اُن کی آلِ پاک پر

صَلٰوةً تَمْلَاُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ ط

خوب خوب رحمت کہ آسمانوں اور زمینوں کو بھر دے ۔

(للمولف الیاس البرنی رحمتہ اللہ علیہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِ

یا اللہ! ہمارے سردار محمدؐ پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی آل اولاد پر درود

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَا

ایسا درود جسکی برکت سے آپ ہم کو جملہ پریشانیوں اور آفتوں سے نجات

وَتَقْضِىْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِ

اور آپ ہماری حاجتیں بر لائیں - اور آپ ہم کو تمام برائیوں سے

السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّ

پاک کردیں - اور جس کی برکت سے آپ ہمکو اپنی بارگاہ میں اعلیٰ درجے عطا فرمائیں

بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيٰ

دنیا اور آخرت کی سب بھلائیوں میں آپ ہم کو مرادوں کی انتہا تک پہنچا دیں

وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ

بے شک آپ ہر چیز پر قدرت کاملہ رکھتے ہیں۔

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۝

پاک ذات تمہارے رب کی جو عزت والا ہے اور ان باتوں سے پاک ہے جو یہ بیان کرتے ہیں

وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور سلام ہے پیغمبروں پر - اور سب خوبیاں اللہ ہی کیلئے ہیں جو سارے جہانوں کا رب

اَلْحِزْبُ الْخَامِسُ

حزب پنجم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع کرتا ہوں میں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان بے انتہا رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ نَوَيْتُ بِصَلٰوتِيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

یا اللہ! میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود کی نیت کی ہے آپ کے

وَسَلَّمَ اِمْتِثَالًا لِاَمْرِكَ وَتَعْظِيْمًا لِنَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

حکم کی تعمیل میں اور آپ کے نبی ہمارے سردار محمد صلعم کی تعظیم و ادب کی غرض سے

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَقَبَّلْهَا مِنِّيْ بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ

آپ اپنے فضل و احسان سے اس درود کو میری طرف سے قبول فرمائیے۔

وَاَزِلْ حِجَابَ الْغَفْلَةِ عَنْ قَلْبِيْ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ

اور میرے دل سے غفلت کا پردہ اٹھا دیجئے۔ اور مجھے اپنے نیک بندوں میں

الصّٰلِحِيْنَ ۝

شامل کر دیجئے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ

یا اللہ ہمارے سردار محمد اور انکی آل اولاد و اصحاب پر رحمت بھیجئے اتنی تعداد میں جو علم الٰہی میں ہو

صَلوٰةً دَائِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

ایسی رحمت جسکا سلسلہ وا اللہ تعالیٰ کی بادشاہت کی ہمیشگی کے ساتھ جاری رہے اور سلام بھی بھیجے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ

یا اللہ! رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمد نبی امی پر اور انکی آل اولاد پر اور برکت نازل

وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

فرمایئے اور سلام بھیجیے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

یا اللہ! رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جو آپ کے بندے اور آپ کے رسول نبی

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ۔ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ۔

امی ہیں اور انکی آل اولاد اور صحابہ پر اور سلام بھی بھیجیے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ

یا اللہ! رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمد نبی امی پر جو آپ کے محب و محبوب ہیں

الْعَالِي الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ۔ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

عالی قدر اور عظیم المرتبت۔ اور آپ کی آل و اولاد و اصحاب اور سلام بھی بھیجیے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ عَلٰى قَدْرِ حُسْنِهٖ

یا اللہ! رحمت بھیجیے محمد پر اور ان کی آل اولاد پر بقدر ان کے

وَجَمَالِهٖ ط

حسن و جمال کے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلٰی قَدْرِ حُسْنِهٖ
یا اللہ! رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر بقدر ان کے حسن و جمال،
وَجَمَالِهٖ۔ وَفَضْلِهٖ وَکَمَالِهٖ۔ وَبَذْلِهٖ وَنَوَالِهٖ وَفَقْرِهٖ وَسُؤَالِهٖ
فضل و کمال بخشش و عطا اور ان کی احتیاج اور مانگ اور انکی کامرانی و حسن انجام کے
وَفَوْزِهٖ وَمَآلِهٖ۔ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ۔ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔
اور ان کی آل اولاد اور اصحاب پر بھی اور برکت نازل فرمایئے اور سلام بھیجیے۔

(للمولف الیاس البرنی رحمۃ اللہ علیہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ
یا اللہ! رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار ہمارے آقا محمدؐ رحمت والے نبی
الرَّحْمَةِ۔ اَوَّلًا وَّاٰخِرًا وَّظَاهِرًا وَّبَاطِنًا۔ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ
پر۔ اول، آخر، ظاہر، باطن۔ اور ان کے آل اولاد اور اصحاب پر،
اَجْمَعِیْنَ ط اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط
انصاف کے دن تک۔

(للغوث الاعظم الشیخ محی الدین عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
یا اللہ! انصاف کے دن تک رحمت و سلام بھیجیے محمدؐ پر رسولوں کے سردار ہیں اور جن پر
خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ۔ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ۔ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ
نبیوں کا سلسلہ ختم ہوتا ہے اور جنکی نبوت قیامت تک جاری رہے گی اور جو جملہ جہانوں کیلئے رحمت ہیں۔

مَحْبُوْبِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ اَلْمَرْفُوْعِ الذِّکْرِ فِی الْمَلٰٓئِکَۃِ
گنہگاروں کی سفارش کرنے والے۔ اور تمام جہانوں کے پروردگار کے محبوب ہیں جنکا ذکر

الْمُقَرَّبِیْنَ۔ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔
مقرب فرشتوں میں بلند کیا گیا ہے۔

(للمؤلف الیاس البرنی رحمۃ اللہ علیہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ۔ رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ
یا اللہ! رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جو عالموں کیلئے رحمت ہیں اور جن پر

وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ۔ الْمُؤَیَّدِ بِالرُّوْحِ الْاَمِیْنِ۔ صَاحِبِ
نبوت کا سلسلہ ختم ہوتا ہے اور جنکی نبوت قیامت تک جاری ہے جنکی تائید جبریل امین کے ذریعہ کیگئی ہے اور جو کتاب

الْکِتَابِ الْمُبِیْنِ۔ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ۔ اَجْمَعِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ
مبین (قرآن) والے ہیں اور انکی جملہ آل اولاد اور اصحاب پر بھی اے سب رحم کرنیوالوں سے بڑھکر رحم کرنیوالے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الصَّادِقِ الْاَمِیْنِ
یا اللہ! رحمت بھیجئے ہمارے سردار محمد پر جو سچے امانت دار ہیں اور رحمت بھیجئے ہمارے

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ جَآءَ بِالْحَقِّ الْمُبِیْنِ
سردار محمد پر جو لے آئے حق روشن (یعنی قرآن) اور رحمت بھیجئے ہمارے سردار محمد پر

وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اَرْسَلْتَہٗ رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ۔
جن کو آپ نے تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا۔ اور رحمت بھیجئے ہمارے

ب پنجم

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ

سردار محمدؐ پر اور جملہ نبیوں اور رسولوں پر اور آنحضرتؐ کی جملہ آل

وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِیْنَ

اولاد اور اصحاب پر بھی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْفَاتِحِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجیے اور برکت نازل فرمایئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو کھولنے

لِمَا اُغْلِقَ ۔ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ ۔ وَالنَّاصِرِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ ۔

والے ہیں اس چیز کے جو بند کیگئی اور ختم کرنیوالے ہیں اس چیز کے جو پہلے گذر چکی اور مدد کرنیوالے ہیں حق کا حق

وَالْهَادِیْ اِلٰی صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِیْمِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی

کے ساتھ اور ہدایت کرنیوالے ہیں تیری سیدھی راہ کی طرف۔ رحمت بھیجے اللہ اُن پر اور اُن کی

اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ حَقَّ قَدْرِهِ الْعَظِیْمِ

آل اولاد اور اصحاب پر اُن کے عظیم الشان مرتبہ کے مطابق۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْبِیَائِكَ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جو آپکے نبیوں میں سب سے زیادہ فضیلت رکھنے والے

وَاَكْرَمِ اَصْفِیَائِكَ ۔ وَاِمَامِ اَوْلِیَائِكَ ۔ اَلْبَشِیْرِ النَّذِیْرِ ۔

ہیں اور آپکے برگزیدہ بندوں میں سب سے زیادہ بزرگی والے ہیں اور آپکے دوستوں کے پیشوا ہیں ایمان والوں کے لئے خوشخبری

السِّرَاجِ الْمُنِیْرِ الرَّسُوْلِ الْكَرِیْمِ الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ

دینے والے اور کافروں کو ڈرانے والے ہیں۔ جو نورانی منار دالے چراغ اور بخشش کرنیوالے رسول اور ایمان والوں کے لئے

الصَّادِقِ الْاَمِیْنِ اَلْحَقِّ الْمُبِیْنِ اَلْهَادِیْ اِلَی الصِّرَاطِ

بیحد شفقت والے اور رحمتِ خاص والے ہیں سچے امانتدار اور حق ہیں روشن۔ سیدھا راستہ بتانے

الْمُسْتَقِیْمِ الَّذِیْ اٰتَیْتَهٗ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ

والے جنکو آپ نے دہرائی جانیوالی سات آیتیں (سورۂ فاتحہ) اور عظیم الشان قرآن عطا فرمایا

(للمؤلف الیاس البرنی رحمۃ اللہ علیہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی عَیْنِ الْعِنَایَةِ - وَزَیْنِ

یا اللہ رحمت وسلام بھیجئے اور برکت نازل فرمائیے (محمدؐ پر) جو اولِ عنایت ہیں اور

الْقِیَامَةِ - وَكَنْزِ الْهِدَایَةِ - وَطِرَازِ الْحُلَّةِ - وَعَرُوْسِ

قیامت کی آرائش ہیں۔ اور ہدایت کے خزینے ہیں اور لباس تخلیق کی بہترین وضع ہیں اور ملک

الْمَمْلَكَةِ - وَلِسَانِ الْحُجَّةِ - وَشَفِیْعِ الْاُمَّةِ - وَاِمَامِ

حکومت کے نوشہ ہیں حجت ودلیل کی زبان ہیں اور امت کیلئے سفارش کرنیوالے ہیں۔ اہل حضور اور

الْحَضْرَةِ - وَنَبِیِّ الرَّحْمَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَاشِفِ الْغُمَّةِ

اہلِ قرب کے امام ہیں۔ اور رحمت والے نبی ہیں۔ ہمارے سردار محمدؐ جو درد اور دکھ کے دور کرنیوالے ہیں۔

(السید احمد البدوی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

یا اللہ رحمت وسلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جو آپکے بندے اور رسول ہیں

عَیْنِ الْعِنَایَةِ - شَمْسِ الْهِدَایَةِ - كَاشِفِ الْغُمَّةِ

اولِ عنایت ہیں - ہدایت کے آفتاب ہیں درد دکھ کے دور کرنے والے

نَبِيِّ الرَّحْمَةِ - نَاصِرِ الْمِلَّةِ - شَفِيْعِ الْاُمَّةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

اور رحمت والے نبی ہیں دین و ملت کے مددگار ہیں۔ اور قیامت کے دن اُمت کیلئے سفارش کرنیوالے ہیں

يَوْمَ تَخْشَعُ الْاَصْوَاتُ وَ تَشْخَصُ الْاَبْصَارُ ؕ

جس روز (ہیبت سے) آوازیں پست ہو جائیں گی اور آنکھیں پتھرا جائیں گی۔

(للغوث الاعظم الشیخ محی الدین عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَنْ لَّهُ الْاَخْلَاقُ الرَّضِيَّةُ ؕ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے اُس ذات گرامی پر جس کے اخلاق دلکش۔

وَالْاَوْصَافُ الْمَرْضِيَّةُ ؕ وَالْاَقْوَالُ الشَّرْعِيَّةُ ؕ

اور صفات پسندیدہ ہیں۔ جن کے اقوال شریعت کے مطابق

وَالْاَحْوَالُ الْحَقِيْقِيَّةُ ؕ وَالْعِنَايَاتُ الْاَزَلِيَّةُ ، وَالسَّعَادَاتُ

اور احوال حقیقت کے مطابق ہیں جس پر عنایتیں ازلی ہیں۔ اور جس کی سعادتیں

الْاَبَدِيَّةُ ؕ اِنَّهٗ خَيْرُ خَلْقِكَ

ابدی ہیں کہ بیشک وہ آپکی مخلوقات میں بہترین ہیں۔

(للغوث الاعظم الشیخ محی الدین عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَنْ فَضَّلْتَهٗ عَلٰى جَمِيْعِ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے اُس ذات گرامی پر جس کو آپ نے اپنی

مَخْلُوْقَاتِكَ ـ وَكَرَّمْتَهٗ عَلٰى عُمُوْمِ مَوْجُوْدَاتِكَ ـ وَخَصَصْتَهٗ

مخلوقات میں سب سے زیادہ فضیلت دی! جسکو تمام موجودات میں سب سے زیادہ بزرگی دی اور

بِمَقَامِ الْمَحْبُوْبِيَّةِ ـ وَبَعَثْتَهٗ اِلٰى كَافَّةِ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ ؕ

جسکو محبوبیت کے مقام پر مختص فرمایا ـ اور جس کو جملہ انسانوں اور جنوں کی طرف مبعوث فرمایا

اَلْقَسِيْمِ الْوَسِيْمِ النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ سَيِّدِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَ

جو حسین و جمیل نبی کریم ہیں ـ نبیوں اور رسولوں کے سردار یعنی ہمارے سردار محمدؐ اور

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ؕ

انکی جملہ آل اولاد اصحاب پر بھی. اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحم کرنیوالے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نُوْرِكَ الْمُبِيْنِ ـ وَحَبْلِكَ الْمَتِيْنِ ـ

یا اللہ! رحمت بھیجئے اپنے روشن نور پر ـ اور اپنے مضبوط بندھن

وَحِصْنِكَ الْحَصِيْنِ ـ وَجَلَالِكَ الْعَظِيْمِ ـ وَجَمَالِكَ الْكَبِيْرِ

اور اپنی مضبوط پناہ گاہ پر ـ اور اپنے حکمت والے جلال اور اپنے کرم والے جمال پر

وَعَبْدِكَ الْقَدِيْمِ ـ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَبِهٖ

اپنے قدیم بندے یعنی ہمارے سردار ہمارے آقا محمدؐ پر اور انکی آل اولاد و اصحاب پر اور برکت و

وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ؕ

سلام بھی بھیجیے ـ

(للغوث الاعظم الشیخ محی الدین عبد القادر الجیلانی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْخَيْرِ وَ
یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے ہمارے سردار محمد پر جو بھلائی کے امام اور بھلائی کے رہنما
قَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ ‎-
اور رحمت والے رسول ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى نَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ مُحَمَّدِ الَّذِىْ
یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے اپنے نبی اپنے رسول محمد پر جو
جَاءَ بِالْقُرْاٰنِ الْكَرِيْمِ ؕ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى نَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ
قرآن کریم لائے اور رحمت وسلام بھیجیے اپنے نبی اپنے رسول محمد پر
مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ هَدَانَا اِلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ ؕ
جنہوں نے ہم کو سیدھے راستے پر چلایا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ جَاءَ بِالْوَحْىِ وَ
یا اللہ! رحمت وسلام بھیجیے محمد پر جو وحی اور قرآن
التَّنْزِيْلِ ؕ وَاَسْرٰى بِهِ الْمَلِكُ الْجَلِيْلُ ؕ مَا زَاغَ الْبَصَرُ
لائے اور جن کو (شب معراج میں) لیکر گیا اللہ جلال والا بادشاہ۔ ان کی نظر نہ بہکی
وَمَا طَغٰى ؕ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ؕ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
نہ اچٹی۔ بیشک دیکھیں انھوں نے اپنے رب کی بڑی بڑی نشانیاں۔ درود بھیجے اللہ ان پر اور
وَاٰلِهٖ صَلٰوةً مَقْرُوْنَةً بِالْحُسْنِ وَالْجَمَالِ وَالْخَيْرِ وَالْكَمَالِ
انکی آل اولاد پر ایسا درود جو حسن وجمال، خیر وکمال اور افضال سے

وَالْاَفْضَالِ ؕ

وابستہ و پیوستہ ہو۔

(للمولف الیاس البرنی رحمۃ اللہ علیہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ ؕ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی کَاشِفِ

یا اللہ رحمت بھیجئے رحمت والے نبی پر۔ یا اللہ رحمت بھیجئے درد دکھ کے

الْغُمَّۃِ ؕ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُجَلِّی الظُّلْمَۃِ ؕ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

دور کرنیوالے پر۔ یا اللہ رحمت بھیجئے (کفر کی) تاریکی کے دور کرنیوالے پر۔ یا اللہ رحمت بھیجئے امت

شَفِیْعِ الْاُمَّۃِ ؕ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَوْلَی النِّعْمَۃِ ؕ وَعَلٰی اٰلِہٖ

کیلئے سفارش کرنیوالے پر۔ یا اللہ رحمت بھیجئے نعمت پہنچانیوالے پر۔ اور انکی آل اولاد اور

وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

اصحاب پر۔ اور برکت و سلام بھی بھیجئے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ ھُوَ بَدْرُ التَّمَامِ۔ نُوْرُ الظَّلَامِ

یا اللہ رحمت بھیجئے محمد پر کہ وہ چودھویں رات کے پورے چاند ہیں۔

صَاحِبُ الْاِنْعَامِ۔ شَفِیْعُ الْمُذْنِبِیْنَ یَوْمَ الْقِیَامِ ؕ

اندھیریوں کے نور ہیں۔ بڑی بڑی نعمتوں والے ہیں قیامت کے دن گنہگاروں کیلئے سفارش کرنیوالے ہیں۔

مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ الدَّاعِیْ اِلٰی دَارِ السَّلَامِ وَعَلٰی اٰلِہٖ

یعنی محمد بن عبداللہ جو بلانیوالے ہیں سلامتی کے گھر جنت کی طرف۔ اور انکی آل اولاد

وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ ؕ

اور اصحاب پر اور سلام بھی بھیجئے۔

(للشیخ الاکبر الشیخ محی الدین ابن عربی رضی اللہ عنہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ بَلَّغَ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر جنھوں نے رسالت کی تبلیغ

الرِّسَالَۃَ ۔ وَاَدَّی الْاَمَانَۃَ ۔ وَنَصَحَ الْاُمَّۃَ ۔ وَکَشَفَ الْغُمَّۃَ

فرمائی ۔ اور امانت کو پہنچایا ۔ اور اپنی امت کی خیر خواہی فرمائی ۔ اور دکھ درد کو دور فرمایا

وَجَلَی الظُّلْمَۃَ ۔ وَجَاھَدَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَعَبَدَ رَبَّہٗ حَتّٰی

اور کفر کے اندھیرے کو دور کر دیا ۔ اور اللہ کی راہ میں جہاد فرمایا ۔ اور اپنے رب کی عبادت کی

اَتَاہُ الْیَقِیْنُ ؕ

یہانتک کہ انکو موت آگئی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اِذَا قَالَ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے ہمارے سردار محمدؐ پر کہ انھوں نے جب کچھ کہا آپ نے

صَدَّقْتَہٗ ۔ وَاِذَا سَاَلَ اَعْطَیْتَہٗ ۔ اَلَّذِیْ عَظَّمْتَ شَانَہٗ ۔

تصدیق فرمائی ۔ اور جو مانگا آپ نے عطا فرمایا ۔ جن کو آپ نے عظیم الشان بنایا اور انکی

وَبَیَّنْتَ بُرْھَانَہٗ ۔ وَرَفَعْتَ مَکَانَہٗ ۔ وَشَرَّفْتَ بُنْیَانَہٗ ۔

دلیل حجت کو آپنے واضح کر دیا ۔ انکے رتبہ کو آپنے بلند کیا اور انکی عمارت (دین) کو آپنے خاص شرف بخشا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

یا اللہ! رحمت بھیجئے اپنے بندہ محمدؐ اور اپنے رسول نبی امّی پر جنہوں نے

الَّذِيْ بَلَّغَ رِسَالَتَكَ - وَاَقَامَ حُدُوْدَكَ - وَاَنْفَذَ حُكْمَكَ

آپکے پیام رسالت کو پہنچایا - اور آپکے حدود کو قائم کیا - اور آپ کے احکام کو نافذ کیا

وَاَمَرَ بِطَاعَتِكَ - وَنَهٰى عَنْ مَّعْصِيَتِكَ وَنَصَحَ لِعِبَادِكَ -

اور آپکی طاعت کا حکم فرمایا اور آپکی نافرمانی سے منع فرمایا - اور آپکے بندوں کی خیر خواہی فرمائی -

وَوَفّٰى بِعُهُوْدِكَ - وَاجْزِهٖ خَيْرَ الْجَزَاءِ - وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ

اور آپکے عہدوں کو پورا کیا - لہذا اُن کو بہترین جزا عنایت فرمائیے - اور سلام ہو اُن پر اور

وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ؕ

اللہ کی رحمت اور اُسکی برکتیں ہوں -

(للمولف مولٰنا الیاس البرنی رحمۃ اللہ علیہ)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ - فِيْ

یا اللہ! رحمت و سلام بھیجئے پیغمبروں کے سردار محمدؐ پر ہر وقت

كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ - اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ

ہر آن - انصاف کے دن تک -

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ الصَّلَوَاتِ - فِيْ جَمِيْعِ الْاَوْقَاتِ

یا اللہ! جملہ اوقات میں بزرگ ترین درود بھیجئے مخلوقات میں سب سے

عَلٰی اَشْرَفِ الْمَخْلُوْقَاتِ. سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ
زیادہ شرف رکھنے والے پر یعنی ہمارے سردار ہمارے آقا محمدؐ پر جو کامل ترین
اَکْمَلِ اَھْلِ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ ط وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط
ہیں زمین والوں اور آسمان والوں میں۔ اور برکت اور سلام بھی بھیجیے۔

(للمولف مولٰنا الیاس البرنی رحمۃ اللہ علیہ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ ط
یا اللہ رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جو اگلوں اور پچھلوں کے سردار ہیں۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ وَّحِیْنٍ ط
یا اللہ رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر ہر وقت، ہر آن
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی
یا اللہ رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر عالم ارواح کے اکابر
اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط
میں انصاف کے دن تک۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ. وَصَلِّ
یا اللہ رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر اور اگلوں میں۔ اور رحمت بھیجیے
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ ط وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ہمارے سردار محمدؐ پر پچھلوں میں۔ اور رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر

فِیْ کُلِّ وَقْتٍ وَّحِیْنٍ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ

ہر وقت ہر آن اور رحمت بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر تمام جہانوں میں

اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَ

انصاف کے دن تک۔ اور رحمت بھیجیے جملہ نبیوں اور رسولوں پر

عَلَی الْمَلٰٓئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَعَلٰی عِبَادِکَ الصّٰلِحِیْنَ

اور مقرب فرشتوں پر اور اپنے نیکوکار بندوں پر

وَارْحَمْنَا وَاحْشُرْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ

اور ہم پر رحم فرمائیے اور ہمکو ان سب کے ساتھ اٹھائیے اپنی رحمت سے اے رحم کرنیوالوں میں

الرّٰحِمِیْنَ۔

سب سے زیادہ رحم کرنیوالے۔

(للمولف مولٰنا محمدؐ الیاس البرنی رحمۃ اللہ علیہ)

صَلَوَاتُ اللّٰہِ الْبَرِّ الرَّحِیْمِ۔ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ

درود ہوں انصاف کے دن تک احسان کرنیوالے اور بے انتہا رحم کرنیوالے اللہ کی

وَالنَّبِیّٖنَ وَالصِّدِّیْقِیْنَ۔ وَالشُّھَدَآءِ وَالصّٰلِحِیْنَ

طرف سے اور مقرب فرشتوں نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں اور نیکوکاروں کی طرف سے اور ہر چیز

وَمَا سَبَّحَ لَکَ مِنْ شَیْءٍ یَّا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ عَلٰی سَیِّدِنَا

کی طرف سے جو آپ کی پاکی بیان کرتی ہے۔ اے جملہ جہانوں کے پروردگار ہمارے سردار

مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ وَسَیِّدِ

محمدؐ بن عبداللہ پر۔ جن پر نبیوں کا سلسلہ ختم ہوتا ہے اور جو رسولوں کے سردار

الْمُرْسَلِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط

ہیں۔ یوم قیامت تک

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ الصَّلَوَاتِ ط وَاَنْمَی الْبَرَکَاتِ ط

یا اللہ اجملہ اوقات میں بہترین درود اور روز افزوں برکت

فِیْ کُلِّ الْاَوْقَاتِ۔ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَکْمَلِ اَھْلِ

نازل فرمایئے ... ہمارے سردار محمدؐ پر جو کامل ترین ہیں زمین والوں اور

الْاَرْضِ وَالسَّمٰوَاتِ ط وَسَلِّمْ عَلَیْہِ یَا رَبَّنَا اَزْکَی

آسمان والوں میں اور اے پروردگار سلام بھیجئے اُن پر پاکیزہ ترین سلام

التَّحِیَّاتِ فِیْ جَمِیْعِ الْحَضَرَاتِ ط

جملہ حضرات میں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ

یا اللہ رحمت و سلام بھیجئے محمدؐ پر جو آپ کے بندے رسول اور نبی

وَنَبِیِّکَ وَصَفِیِّکَ اَفْضَلَ مَا صَلَّیْتَ بِہٖ عَلٰٓی اَحَدٍ

اور برگزیدہ ہیں۔ اُن سب میں بزرگ ترین ہیں جنہیں سے کسی پر بھی آپ نے رحمت نازل فرمائی ہے

مِّنْ خَلْقِکَ۔ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

مخلوقات میں سے بیشک آپ ہیں خوبیوں والے اور بزرگی والے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى عَبْدِكَ الْمُصْطَفٰى

یا اللہ! درود وسلام بھیجئے اور برکت نازل فرمائیے اپنے برگزیدہ بندے پر

وَنَبِيِّكَ الْمُجْتَبٰى۔ وَرَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰى وَحَبِيْبِكَ

اور اپنے منتخب نبی، اپنے پسندیدہ رسول۔ اور اپنے چنے ہوئے محب ومحبوب پر

الْمُنْتَقٰى۔ سَيِّدِ اَهْلِ الْاَرْضِ وَاَهْلِ السَّمَآءِ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

جو زمین والوں اور آسمان والوں کے سردار ہیں۔ یعنی ہمارے سردار ہمارے آقا محمدؐ پر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ صَلٰوةً لَّاغَايَةَ لَهَا وَلَا مُنْتَهٰى۔

اور انکی آل اولاد واصحاب پر ایسا درود بھیجیے جس کی حد وانتہا نہ ہو۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِكَ۔ وَمَعْدِنِ

یا اللہ! درود بھیجیے محمدؐ پر جو آپ کے انوار کا سمندر ہیں اور آپکے رازوں

اَسْرَارِكَ۔ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعُرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ۔ وَاِمَامِ

کی کان ہیں۔ اور آپ کی حجت ودلیل کی زبان ہیں اور آپکے ملک وسلطنت کے نوشہ

حَضْرَتِكَ۔ صَلٰوةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ۔

ہیں۔ اور آپکے اہلِ قرب کے امام ہیں۔ ایسا درود جو ہمیشہ رہنے والا ہو آپکی ہمیشگی کے ساتھ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ جَآءَ بِالْحِكْمَةِ

یا اللہ! درود بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جو لے آئے دانائی کی باتیں اور

وَالْمَوْعِظَةِ وَالرَّاْفَةِ وَالرَّحْمَةِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

نصیحت شفقت اور رحمت اور انکی آل اولاد اور اصحاب پر

اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ۔

اپنے درودوں میں سب سے بہترین درود اپنے معلومات کی گنتی کے برابر۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ جَعَلْتَهٗ نُوْرَ الرَّشَادِ

یا اللہ! درود بھیجیے ہمارے سردار محمدؐ پر جن کو آپ نے ہدایت و استقامت کا

وَدَلِيْلَ الْعِبَادِ اِلٰى يَوْمِ الْمَعَادِ صَلٰوةً تَتَضَاعَفُ اِلَى

نور بنایا اور روزِ آخرت تک بندوں کا رہنما بنایا۔ ایسا درود جو ابد تک چند در چند

الْاَبَدِ وَتَشْتَمِلُ بِالْمَزِيْدِ وَالْمَدَدِ۔ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ

ہوتا چلا جائے اور جس میں اضافہ پر اضافہ ہوتا ہے۔ اور انکی آل اولاد اور اصحاب

اَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهِ الْكِرَامِ۔ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا

